رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ A.B.C Certified
روزنامہ DAILY AWAM QUETTA
عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | ہفتہ | 06 ربیع الثانی | 1448ھ | 19 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 67

کوہاٹ: جامع مسجد میں دھماکہ، پولیس اہلکاروں سمیت 21 افراد شہید، 80 سے زائد زخمی

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے دھماکے کی رپورٹ طلب کرلی

خودکش حملہ آور نے بارود سے بھری گاڑی مسجد کی بیرونی دیوار سے ٹکرائی، فورسز کی جوابی کارروائی میں چھ دہشتگرد بھی مارے گئے، دہشتگردی کی بزدلانہ کارروائیوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے، وزیراعلیٰ کے پی کے

شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں میں ایس پی ٹریفک اکبر شنواری، ڈی ایس پی ٹی ڈی ڈی عصمت اللہ اور ان کے بھائی انسپکٹر نعمت، فرنٹیئر ریزرو پولیس کے سب انسپکٹر اشتیاق کے علاوہ 11 دیگر پولیس اہلکار شامل ہیں

کوہاٹ/پشاور (این این آئی) کوہاٹ میں پرانی پولیس لائن سے ملحقہ جامع مسجد میں نماز جمعہ کے دوران زوردار دھماکے کے بعد یکے بعد دیگرے متعدد دھماکوں اور شدید فائرنگ کے نتیجے میں پندرہ پولیس اہلکاروں سمیت 21 افراد شہید اور 80 سے زائد زخمی ہوگئے، (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تاریخ کی بلند ترین سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہار تشکر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی فیول ریلیف اسکیم میں عوام کو مزید سہولت دینے کی ہدایت

20 سال پرانی موٹر سائیکلیں بھی شامل، زیادہ مستحق افراد کو فیول ریلیف کی سہولت فراہم کی جاسکے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم میں عوام کو مزید سہولت فراہم کرنے کے لیے اہم ہدایات جاری کردی ہیں۔ وزیراعظم نے (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ، رائیگاں نہیں جائیں گی، صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ

تینوں رہنماؤں کا خیبرپختونخوا میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی، مشترکہ بیان

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ ہیں اور ان کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں بھارتی سرپرستی میں (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

نائب وزیراعظم کا اپوسٹیل اور دستاویزات کی تصدیق کے نظام سے متعلق میڈیا رپورٹ کا نوٹس

وزارت خارجہ کے دستاویزات کی تصدیقی نظام کی تحقیقات کیلئے تین رکنی انکوائری کمیٹی قائم کردی

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم محمد اسحٰق ڈار نے اپوسٹیل اور دستاویزات کی تصدیق کے نظام سے متعلق میڈیا رپورٹ کا نوٹس لیتے ہوئے وزارت خارجہ کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب کا دفاع کرنے کیلئے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا، ڈی جی آئی ایس پی آر

یہ دونوں ممالک کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

مکہ معاہدے پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں، سب سمجھتے ہیں کہ یہ اقدام دفاعی نوعیت کا ہے اور اس کا مقصد خطے میں استحکام اور امن برقرار رکھنا ہے

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا، سعودی عرب کی سیکیورٹی کے لیے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، یہ دونوں ممالک کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

کوہاٹ پولیس لائن مسجد میں خودکش دھماکے کے بعد مقامی افراد جائے وقوعہ پر جمع ہیں جبکہ دوسری جانب مسجد کا بیرونی منظر

بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کے آپریشنز، فتنہ الہندوستان کے 7 دہشت گرد ہلاک

خیبرپختونخوا میں جھڑپ، 6 جوان شہید، 10 خوارج ہلاک، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

سیکورٹی فورسز کا خفیہ اطلاع پر دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن، تمپ میں خواتین کے لباس میں ملبوس بھیس بدل کر سرحدی علاقے میں دراندازی کی کوشش، اسلحہ لے جانے والے دہشت گرد ہلاک

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں، ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، آئی ایس پی آر

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کی جانب سے خفیہ اطلاع پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کے دوران تمپ میں خواتین کے لباس میں ملبوس بھیس بدل کر سرحدی علاقے میں دراندازی کی کوشش کرتے ہوئے اسلحہ لے جانے والے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، ایمونیشن، گولہ بارود، آئی ای ڈی، ریموٹ کنٹرول، واکی ٹاکی سیٹ، راشن اور زنانہ مردانہ کپڑے برآمد کرلئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت بلوچستان میں (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی/پشاور/اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سیکورٹی کے ساتھ جھڑپوں میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دس خوارج مارے گئے، 6 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں اور ان کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا۔ جمعہ کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر داخلہ کی کوہاٹ دھماکہ کی مذمت، جانی نقصان پر اظہار افسوس

خوارجیوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو کبھی کمزور نہیں کرسکتیں، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائن کے قریب ہونے والے دھماکے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خوارجیوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو کبھی کمزور نہیں کرسکتیں۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے دھماکہ کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، محسن نقوی

شہریوں کے راستے بند کرنے والوں کیخلاف سخت کارروائی کا حکم

کوئی کسی غلط فہمی میں نہ رہے ایک طرف گولی چلے اور دوسری طرف خاموشی ہو ایسا ہرگز نہیں ہوگا، احتجاج کرنا ہے تو اپنے علاقے اور شہر میں کریں

احتجاج کرنا ہر شہری کا حق ہے مگر شاہراہیں بند کرنے یا عوام کو مشکلات میں ڈالنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، وفاقی وزیر داخلہ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کا تفصیلی فیصلہ آچکا، اب وفاقی دارالحکومت پر دھاوا نہیں بولا جاسکتا۔ کسی نے ایسا کیا تو توہین عدالت کارروائی کی طرف جائیں گے۔ کوئی کسی غلط فہمی میں نہ رہے ایک طرف گولی چلے اور دوسری طرف خاموشی ہو ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ عدلیہ کے احکامات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا اور اس ضمن میں تمام سیکورٹی اور متعلقہ اداروں کو سخت اور واضح ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ انہوں نے دوٹوک مؤقف اپنایا کہ احتجاج کرنا ہر سیاسی جماعت اور شہری کا آئینی حق ہے، لیکن اس حق کے نام پر عام (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد میں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیش نظر ریڈزون توسیع شدہ ریڈزون سیل کرنے کا فیصلہ

ریڈزون کو جانے والے تمام 5 راستوں کو مکمل طور پر بند کردیا جائیگا، پانچوں راستوں پر کنٹینرز کی 2، 2 لیئرز لگا کر بھاری نفری تعینات کی جائیگی

اسلام آباد پولیس کی چھٹیوں پر پابندی 5 اکتوبر 2026 تک برقرار رہے گی، ہنگامی چھٹی کے علاوہ تمام چھٹیوں پر فوری طور پر پابندی رہے گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں لانگ مارچ کے قریب ریڈزون، توسیع شدہ ریڈزون سیل کرنیکا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ریڈزون کو جانے والے تمام 5 راستوں کو مکمل طور پر بند کر دیا جائیگا، پانچوں راستوں پر کنٹینرز کی 2، 2 لیئرز لگا کر بھاری نفری تعینات کی جائیگی۔ ذرائع نے بتایا کہ ایکسٹینڈڈ ریڈزون کو سیل کرکے صرف ہنگامی (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کا مطالبہ، ایم کیو ایم نے خط لکھ دیا

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان نے وزیراعظم شہباز شریف کو مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کے مطالبہ کا خط لکھ دیا۔ خط متحدہ قومی (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت کے پی ٹی اور پپری ریلوے لنک کی بحالی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم ٹاسک فورس کی جانب سے اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی جاری ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

جب تک ٹرمپ، نیتن یاہو اقتدار میں ہیں آبنائے ہرمز نہیں کھلے گی، ایران

ایرانی قوم اپنے وجود، شناخت، آزادی اور اعلیٰ اہداف کا دفاع کررہی ہے، محمد باقر ذوالقدر

تہران (این این آئی) ایرانی رہبر انقلاب کے سیاسی مشیر محمد باقر ذوالقدر نے کہا ہے کہ جب تک امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو اقتدار میں ہیں، آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائے گی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق محمد باقر ذوالقدر نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش ایرانی قوم کے انتقام کا پہلا مرحلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی قوم اپنے وجود (بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر)



اب 20 سال پرانے رجسٹرڈ موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں



وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے

ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے

ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر بچت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

ایس ایم ایس کے کوئی چارجز نہیں ہیں

REG لکھ کر space دیں

STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی

STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف

اسلام آباد I | آزاد جموں وکشمیر A | گلگت بلتستان G
سندھ S | پنجاب P | خیبرپختونخوا K | بلوچستان B

مزید رہنمائی کیلئے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں

URAAN PAKISTAN

وزارتِ اطلاعات ونشریات حکومتِ پاکستان
/Govtof Pakistan

PID (I) 2675-D/26

روزنامہ عوام
081-2832244 فون 081-2822255 فیکس
051-2890427 فون نمبر 051-2890437 فیکس
32266 32755
ہفتہ 19 ستمبر 2026ء

دہشت گردوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں میں تیزی

بلوچستان میں خاران واشک اور دیگر اضلاع میں سیکورٹی فورسز نے کارروائیاں تیز کردی ہیں، فورسز کی جانب سے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کرکے درجنوں دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا گیا، مسلح افراد کی جانب سے سڑکوں کو بلاک کرکے ٹریفک کو معطل کرنے اور سرکاری املاک پر حملوں پر سیکورٹی اداروں نے اپنی کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع کردیا ہے، ریاست کی یہ ذمہ داری ہوتی ہیں کہ شہریوں کے جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ کرے، بلوچستان کا شمار ایک عرصہ تک ملک کے سب سے پر امن صوبے میں ہوتا رہا، بلوچستان کی وسیع سرحدیں دیگر ملکوں کے ساتھ ملتی ہیں جہاں سے دہشتگردوں کی آزادانہ نقل وحرکت جاری رہتی ہے، ہمیں توقع ہے کہ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے متحرک کردار ادا کرتے رہیں گے۔

تجاوزات کا مسئلہ

صوبائی دارالحکومت میں تجاوزات کے باعث ٹریفک کا نظام معطل ہوکر رہ گیا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ تجاوزات ہٹانے کے لئے کارروائیوں میں تیزی لائی جائے۔میٹروپولیٹن کارپوریشن کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی ہوں گی۔

کم شرح خواندگی۔ذمہ دار کون؟

تحریر۔سید شعیب الدین احمد

عالمی یوم خواندگی گزشتہ ہفتے پوری دنیا میں منایا گیا۔ پاکستان میں بھی سیمینار، ورکشاپس ہوئیں، خواندگی بڑھانے کے بلند بانگ دعوے ہوئے لیکن کیا خواندگی بڑھانے کے لیے اقدامات بھی تجویز کیے گئے کہ شرح خواندگی میں اضافہ کیسے ہوگا؟ ہم جو دنیا کی ساتویں اور 52 اسلامی ملکوں میں واحد ایٹمی طاقت ہیں، دنیا کی چھٹی بڑی مسلح افواج کے مالک اور دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہیں تو ہماری شرح خواندگی صرف 63 فیصد کیوں ہے؟ 1947 میں جب پاکستان بنا حالات واقعی برے تھے۔ شرح خواندگی صرف 15 فیصد تھی۔ تعلیمی ادارے بہت کم تھے۔عمارتیں اور فرنیچر، کتب خانے اور لیبارٹریاں بھی کم تھیں۔ تعلیمی بجٹ بھی کم تھا اور اساتذہ کی بھی شدید کمی تھی۔ پورے پاکستان میں صرف ایک یونیورسٹی (پنجاب یونیورسٹی) تھی۔ قائداعظم محمد علی جناح نے اس صورتحال کو بھانپتے ہوئے فوری طور پر قومی تعلیمی کانفرنس بلانے کی ہدایت کی۔ یہ کانفرنس پاکستان کے قیام کے صرف تین ماہ بعد 27 نومبر سے یکم دسمبر تک منعقد ہوئی جس میں قائداعظم کا یہ پیغام پڑھ کر سنایا گیا "ہمیں ایک ایسی تعلیمی پالیسی وضع کرنی ہے جو ہمارے قومی مزاج، ہماری تاریخ، اسلامی ثقافت سے ہم آہنگ ہو اور اس کے ساتھ ہی جدید دور کی سائنسی ترقی کو بھی مد نظر رکھا جائے "۔ قائداعظم نے واضح کر دیا کہ ہم نے اپنے بچوں کو اسلامی تاریخ اور ثقافت، برصغیر کی مسلم تاریخ اور ثقافت کے بارے بتانا ہے۔ ہمارا قومی مزاج کیا ہونا چاہیے اور سب سے بڑی بات ہمیں سائنسی ترقی میں دنیا کے ساتھ مل کر چلنا ہے۔ یعنی بچوں کو جدید سائنس پڑھائی جائے۔ کانفرنس میں ابتدائی، ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی تعلیم، مادری و قومی زبان کے نفاذ کے حوالے سے تجاویز اور سفارشات تیار کی گئیں۔ یعنی پاکستان بنتے ہی پہلے چار ماہ میں تعلیمی پالیسی بنانے کی بنیاد رکھ دی گئی۔ لیکن ہوا کیا 78 سال کے بعد بھی پاکستان کی 50 فیصد خواتین ناخواندہ ہیں۔ پاکستان بننے کے بعد 1947 سے 1980 تک تعلیم بالغاں کے نام سے غیر رسمی بنیادی تعلیم کے مختلف منصوبوں پر عمل ہوتا رہا۔لیکن بہتر منصوبہ غیر جماعتی اسمبلی کے وزیراعظم محمد خان جونیجو نے تیار کیا۔ یہ نئی روشنی سکول منصوبہ تھا۔جس کے تحت تمام سرکاری اسکولوں کو شام میں پڑھائی کیلئے کھولا گیا۔ سکول نہ جانے والے بچوں اور بالغ افراد کو تعلیم دینا شروع کی گئی۔ پانچ سالہ کورس کو کامیابی سے مکمل کرنیوالوں کے لیے ملازمتوں کی پالیسی بھی بنائی گئی۔ لیکن بد قسمتی سے صرف تین سال بعد محمد خان جونیجو کی حکومت کو جنرل ضیاء الحق نے برطرف کردیا۔ آنیوالی ن لیگی حکومتوں نے نئی روشنی سکول پالیسی کو آگے چلانا پسند نہیں کیا۔ وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں آئین پاکستان بنا تو اس میں یہ واضح لکھا گیا کہ بنیادی تعلیم (میٹرک تک) لازمی اور مفت مہیا کی جائے گی لیکن کیا آج آئین کے نفاذ کے 50 سال گزرنے کے بعد بھی پاکستان میں مفت تعلیم دی جا رہی ہے؟ کیا آج بھی والدین کو بچوں کی پڑھائی کیلئے ہر ماہ ہزاروں روپے ادا نہیں کرنے پڑتے؟ کیا آج بھی سرکاری اسکولوں کو " غیر معیاری سکول " نہیں کہا جاتا؟ کیا گلی محلے میں قائم " دو نمبر انگریزی سکول سسٹم " جہاں ایف اے اور بی اے پاس بچیاں یا بچے پڑھاتے ہیں کیا وہی ہمارے بچوں کا نصیب ہے؟ کیا غیر ملکی سکول سسٹم صرف امراء کے بچوں کے نصیب میں لکھا گیا ہے؟ جائز اور حلال کمائی والے والدین اپنے بچے کہاں پڑھائیں؟
آج پاکستانی وزراء بھی تسلیم کرتے ہیں کہ پانچ سے 16 سال کی عمر کے ڈھائی کروڑ سے زائد بچے سکول نہیں جا رہے؟ پھر بھی دعوی ہے کہ خواندگی بڑھا رہے ہیں۔ دو سال قبل ہونے والی ڈیجیٹل مردم شماری کے مطابق ہماری شرح خواندگی 63 فیصد، مردوں میں 68 فیصد اور خواتین میں 53 فیصد ہے (یعنی خواتین کی آدھی آبادی ناخواندہ ہے)۔ ہمارے ہاں 10 سال اور زائد عمر کے 10 کروڑ 41 لاکھ افراد ہی پڑھنا لکھنا جانتے ہیں (یعنی ہماری صرف 40 فیصد آبادی پڑھنا لکھنا جانتی ہے)۔ اسلام آباد میں خواندگی 88 فیصد، پنجاب 66 فیصد، سندھ 58 فیصد، خیبر پختون خوا 51 فیصد اور بلوچستان میں 42 فیصد ہے۔ ہمارے 36 فیصد بچے سکول جانے سے محروم ہیں۔ڈیجیٹل مردم شماری کے مطابق پاکستان کے پانچ سے 16 سال عمر کے ڈھائی کروڑ سے زائد بچے اسکول سے باہر ہیں۔جن میں پنجاب کے 96 لاکھ، سندھ کے 78 لاکھ، خیبر پختون خوا کے 49 لاکھ اور بلوچستان کے 50 لاکھ بچے شامل ہیں۔ یہ ہماری منتخب حکومتوں کے ادوار میں ترقی کا عالم ہے۔ بھارت کے حوالے سے ان کی ترقی یا بہتری کی مثال دینا اچھا نہیں لگتا لیکن سچ یہ ہے کہ بھارت کی ریاست کیرالہ میں شرح خواندگی 96.2 اور دہلی میں 88 فیصد ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں تعلیم کسی بھی حکومت کی ترجیح نہیں رہی۔ہم جی ڈی پی کا بمشکل دو فیصد بلکہ اس سے بھی کم تعلیم کیلئے بجٹ میں مختص کرتے ہیں۔ جہاں دو فیصد سے بھی کم تعلیم کیلئے رکھا جائے گا وہاں تعلیم اور کیسی ہوگی؟ پاکستان میں تعلیم کا سب سے بڑا مخالف سندھ، پنجاب، بلوچستان اور خیبر پختون خوا کا جاگیردار، وڈیرہ، زمیندار اور سردار ہے۔ اسے یہ گوارا نہیں کہ اس کے کمی، ملازم، ہاری، مزارع تعلیم حاصل کریں، پڑھ لکھ جائیں اور پھر اس کے کھیتوں میں کام کرنے کے لیے دستیاب نہ ہوں۔ یہ وہ سوچ ہے جس کی وجہ سے اشرافیہ نے عام آدمی کو تعلیم سے دور رکھنے کی حکومتی پالیسیاں بنائیں اور تعلیم کو " نجی شعبے " کے حوالے کردیا، تاکہ وہ تعلیم مہنگی بیچ سکے۔ پاکستان میں لڑکیوں کی تعلیم کے دشمنوں کی بھی کمی نہیں۔ انہیں یاد رکھنا چاہیے آخری نبی ﷺ نے فرمایا تھا " علم حاصل کرو چاہیے چین جانا پڑے " اور اس میں مرد و خواتین کی تخصیص نہیں تھی۔ لیکن شاید یہ سب کچھ خواتین کی تعلیم دشمنوں کی نظر سے نہیں گزرا۔ فافن کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں شرح خواندگی 63 فیصد، مالدیپ 98 فیصد، سری لنکا 93 فیصد، بھارت 87 فیصد، بنگلہ دیش 79 فیصد اور جنوبی ایشیا کی مجموعی خواندگی 78 فیصد ہے۔ ان حالات میں دنیا کا مقابلہ کیسے ہوسکے گا۔

نفرت نہیں محبت

تحریر۔نسیم شاہد

اصولی اختلاف انسان کا حق ہے؛ تاہم صرف نفرت کی بنیاد پر یا حسد کے کانٹے کو تسکین دینے کے لئے اختلاف برائے اختلاف ایک ایسا قبیح فعل ہے جو خود انسان کو اندر ہی اندر سے کھا جاتا ہے۔ میں نے کچھ دن پہلے محترمہ فاطمہ جناحؒ کے حوالے سے ایک بات لکھی تھی کہ انہوں نے ڈاکٹر حمید رضا صدیقی کو یہ نصیحت کی کہ وہ زندگی میں غلط کو غلط کہنا سیکھیں، یہ بات دراصل ایک اصول طے کرتی ہے کہ انسان کو حتی الامکان صحیح راستے کا انتخاب کرنا چاہیے۔ ہمارے ہاں غلط کو غلط کہنے کی رسم تو کب کی قصہ پارینہ ہوئی۔اب تو غلط پر ڈٹ جانے کی ایسی روش چل نکلی ہے جو خون خرابے پر بھی منتج ہوتی ہے اور معاشرے سے سچ کو بھی مٹاتی جا رہی ہے۔ میں نے ابھی دو دن پہلے ساتھ کے ایک محلے میں اس روش کے نتیجے میں ایک آدمی کو مرتے دیکھا۔ ایک شخص نے گھر کے باہر ایک بڑا ریمپ تعمیر کرنے کا سلسلہ کیا تو اہل محلہ نے اعتراض کرتے ہوئے اسے سڑک پر گذرگاہ کو تنگ کرنے کے مترادف قرار دیا۔ ریمپ بنانے والے نے اپنی غلطی تسلیم کرنے کی بجائے لڑائی جھگڑا شروع کر دیا اور بات بڑھتے بڑھتے ایک بڑے تصادم تک پہنچ گئی جس کے نتیجے میں ایک جان چلی گئی۔ جب کسی بھی وجہ سے انسان کے اندر نفرت اور ہٹ دھرمی جگہ بنا لے تو اس کا نتیجہ اچھا نہیں نکلتا۔ روزانہ کی خبریں دیکھ کر یوں لگتا ہے، ہم نے دلوں میں نفرت کی فیکٹریاں لگالی ہیں، خوشیاں بانٹنے اور خوشیوں میں شریک ہونے کی بجائے نفرتیں تقسیم کرنے کی ایک وباء پھیل گئی ہے۔ کسی کو کچھ مل جائے، ترقی کر جائے، اچھا مکان بنا لے، بڑی گاڑی خرید لے تو مثبت سوچ اپنانے کی بجائے منفی سوچ ہمارے تن بدن میں بجلیاں سی پیدا کر دیتی ہے۔ ہمارا بس نہیں چلتا کہ اس کی خوشیوں کو تہس نہس کر دیں، دریا برد کر دیں۔ اس سوچ کی کڑھن ہمارے اپنے اندر کے نظام کو شکست و ریخت کا شکار کر دیتی ہے۔ اب آپ یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ ایسا جہالت کی وجہ سے ہوتا ہے، کیونکہ ان کاموں میں زیادہ تر پڑھا لکھا طبقہ مبتلا ہوتا ہے حتیٰ کہ یہ منفی لہر ادیبوں شاعروں کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے۔ مجھے تقریباً چالیس سال پہلے قدرت اللہ شہاب سے ملتان میں ہونے والی ملاقات یاد ہے۔ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی میں ڈاکٹر خرم قادر کے گھر ہونے والی اس ملاقات میں ان سے بہت طویل نشست ہوئی تھی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا تھا دنیا میں سب سے مشکل کام محبتیں تقسیم کرنا ہے حالانکہ اسے سب سے آسان کام ہونا چاہیے تھا۔ ان کا یہ جملہ آج تک کانوں میں گونجتا ہے۔ اگر کوئی یہ جان لے کہ نفرت کی بجائے محبت کے جواب دینے میں کتنی راحت ہے تو اس کی زندگی اس کے لئے کانٹوں کی سیج نہیں محبت کا سائبان بن جاتی ہے۔
ہمارے عہد شباب میں نفرت کی خریداری اتنی زیادہ نہیں تھی، جتنی آج ہے۔ منفی سوچ اور اپنی ذات کی حد تک ہر شے کو دیکھنے کی عادت نے ہمیں کوتاہ نظر ہی نہیں کوتاہ دل اور خیر کے کاموں میں تنگ دست بھی بنا دیا ہے۔ ہم نے نئی نسل کو جنریشن زی کہہ کے آسمان پر چڑھایا ہوا ہے۔ حالانکہ ہمیں اس نسل کی تربیت کرنی چاہیے جو بھٹک گئی ہے۔ ٹیکنالوجی سب کچھ سکھا سکتی ہے۔ اخلاق، رواداری، احترام آدمیت سمجھ کے بڑوں کا خیال، ہمسایوں کی عزت اور صبر وضبط کے اوصاف پیدا نہیں کرسکتی۔ یہ ہم نے اس نسل میں خود پیدا کرنے ہیں۔ ہم تو اس نسل کے اندر وہ اعلیٰ ظرفی اور قوت برداشت بھی نہیں کر پائے جو زندگی گزارنے کا سب سے بڑا اثاثہ ہوتی ہے۔ ان دو باتوں سے ہم محروم ہو جائیں تو جانوروں کے درجے پر آجاتے ہیں۔ آج کا نقشہ یہ ہے کہ بچہ کسی سے لڑکر گھر آئے یا کسی کو نقصان پہنچا کر گھر میں داخل ہو تو وہ خود کو ایک پناہ گاہ میں سمجھتا ہے کیونکہ ماں باپ اس کی سرزنش نہیں کرتے بلکہ اکثر اوقات اس کو تھپکی دیتے ہیں کہ تم نے ہمارا نام روشن کر دیا ہے۔ اسی غلط سوچ کا نتیجہ ہے کہ بچے بگڑ گئے ہیں۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر قتل کر دیتے ہیں یا قتل ہوجاتے ہیں۔ وہ زمانہ بھی تھا جب کوئی نوجوان غلط حرکت کے بعد گھر آتا یا اس کے کسی غلط کام کا والدین کو پتہ چلتا تو اسے جوتیوں سے پیٹتے۔ مجھے ایسے کئی واقعات یاد ہیں جب ایسا ہوتا تو بچے کا والد اسے کان سے پکڑ کر اس گھر لے جاتا اور بچے سے معافی منگواتا مگر اب لوگ لاٹھیاں بندوقیں لے کر دوسرے کے گھر پہنچ جاتے ہیں اور بچوں کی لڑائی بڑوں کی دشمنی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ کراچی میں ایک وڈیرے کے بیٹے نے یونیورسٹی کے استاد پر تشدد کیا تو پہلے پولیس روایتی سستی اور غفلت کا شکار رہی، جب دباؤ زیادہ بڑھ گیا اور کراچی کی اساتذہ کمیونٹی نے ادارے بند کرنے کی دھمکی دی تو پولیس کے حکام بھی جاگے اور اسے گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتاری کے بعد اس نوجوان کے والد نے پروفیسر صاحب سے رابطہ کیا اور معافی کی درخواست کی، مگر انہوں نے کہا قانون کو اپنا راستہ اپنانے دیں۔ یہی کام اس وقوعے کے بعد بااثر والد پہلے کر لیتے اور بچے کو لے کر پروفیسر صاحب کے گھر جاتے اور پاؤں پکڑ کر معافی مانگتے تو شاید ان کی لاج بھی رہ جاتی اور بچہ جیل بھی نہ جاتا۔
بات صرف اتنی ہے کہ نفرت کے اظہار اور خود نفرت کو اپنا حق سمجھ لیا ہے۔ یونیورسٹی میں ہمارے ایک استاد کہا کرتے نفرت کے اظہار میں ہم ایک لمحے کی تاخیر نہیں کرتے لیکن محبت کے اظہار میں برسوں لگا دیتے ہیں۔ یورپ کے لوگوں نے اس مرض پر بہت پہلے قابو پا لیا تھا۔ وہ نفرت کے اظہار کو پیچھے اور محبت کے اظہار کو آگے رکھتے ہیں۔ محبت فاتح عالم ہے لیکن روش یہ چل نکلی ہے، دنیا کو نفرت سے فتح کرنا ہے۔ نفرت سے دنیا کیسے فتح ہوسکتی ہے۔ کیا آج دنیا میں جو جنگ و قتال کی فضا ہے اس سے دنیا فتح ہو سکے گی یا تباہی سے ہمکنار ہوگی۔ بات بات پر غصہ آنا خوبی نہیں بہت بڑی خامی ہے۔ البتہ بات بات پر محبت کا جذبہ عود کر آئے تو یہ بہت بڑی خوبی بلکہ فضیلت ہے۔ اشفاق احمد کہا کرتے تھے اللہ ہمیں آسانیاں تقسیم کرنے کی توفیق دے۔ آسانیاں تقسیم کرنے کے لئے بھی جو چیز سب سے پہلے درکار ہے وہ محبت ہے۔ کیا ہم نے کبھی اس نکتے پر غور کیا ہے؟

☆☆☆☆

"اپنا اپنا کام"

11 ستمبر کو قائداعظم محمد علی جناح کی 78 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ جناب صدر اور جناب وزیراعظم نے خصوصی پیغامات جاری کئے جن میں اُن کے سنہری اصولوں اتحاد، ایمان اور تنظیم سے وابستگی کا عہد دہرایا گیا اور قوم کو یقین دلایا گیا کہ پاکستان کو ایک اسلامی فلاحی اور جمہوری مملکت بنانے کا سفر جاری رہے گا۔ مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے بھی اپنے اپنے انداز اور الفاظ میں قائد کے تصورات کے مطابق پاکستان کی تعمیر کا عہد کیا۔ چھوٹے بڑے شہروں میں، کئی چھوٹے بڑے اجتماعات ہوئے جن میں پاکستان کو ایک مثالی جمہوریت بنانے کا عہد کیا گیا۔ مختلف مقررین نے اپنے سامعین کو گرمایا اور آگے بڑھنے کے لئے اُکسایا۔ ادارہ نظریہ پاکستان کے زیر اہتمام "ایوان قائداعظم" میں کہ لاہور شہر میں تعمیر ہونے والا سب سے وسیع قومی ایوان ہے، تحریک پاکستان کے نامور کارکن میاں فاروق الطاف کے زیر صدارت ایک بڑا جلسہ ہوا جس میں نوجوانوں کی کثیر تعداد شریک تھی۔ ایک بڑی یونیورسٹی کے بڑے پروفیسر ڈاکٹر عابد شیروانی نے اس سے خطاب کرتے ہوئے قائد کا یہ فرمان پُرزور انداز میں دہرایا، "کام، کام اور کام"۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سب کو کام کرنے کی عادت ڈالنی چاہیے۔ قائداعظم آخری سانس تک، بیماری کے باوجود کام کرتے رہے۔ پاکستان کی تعمیر کے لئے ہر شخص کو کام میں جت جانا ہوگا۔ ان کی تائید کرتے ہوئے عرض کیا گیا کہ یہ تو درست ہے کہ قائد نے کام، کام اور کام کرنے پر زور دیا تھا لیکن اس کے ساتھ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ہر شخص اور ہر ادارے کو اپنا اپنا کام کرنا ہے۔ دستور پاکستان نے جس کی جو ذمہ داری متعین کی ہے، اُس کے مطابق اس کو محنت کرنی ہے اگر الف کا کام ب اور ب کا کام ج کرنے لگے گا تو پھر سب کام چوپٹ ہو جائیں گے۔ پاکستان میں ماشاء اللہ ہم نے بہت کچھ حاصل کیا ہے، اپنے سے کئی گنا بڑے حملہ آور کے دانت کھٹے کرکے اپنا لوہا منوایا ہے۔ ہماری دفاعی صلاحیت کے سب معترف ہیں۔ افواج پاکستان کو دنیا کی بہترین افواج میں شمار کیا جاتا ہے۔ پاکستان عالم اسلام کی واحد ایٹمی طاقت ہے۔ حالیہ ایران امریکہ جنگ میں اس کی سفارتی صلاحیتوں نے بھی اپنے آپ کو منوایا ہے۔ ترکیہ اور سعودیہ کے ساتھ طے پانے والا دفاعی الائنس دنیا بھر کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ عالم اسلام میں اتحاد اور یگانگت کی ایک نئی لہر ابھر رہی ہے۔ اس معاہدے کو وسعت دے کر عالم اسلام کے اتحاد کے دیرینہ خواب کی تعبیر تلاش کی جا سکتی ہے۔ علامہ اقبالؒ نے برسوں پہلے واضح کر دیا تھا کہ سلطنتِ عثمانیہ کے خاتمے کے بعد اب عالم اسلام کا اتحاد مختلف ممالک کی آزادی اور خود مختاری کا تحفظ کرتے ہوئے ہی ممکن ہوگا گویا ان کی "اقوام متحدہ" قائم کرکے ان کے درمیان تعاون کو فروغ دیا جا سکے گا۔ پاکستان، سعودیہ اور ترکیہ نے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر یہ اعلان کر دیا ہے کہ ان میں سے کسی ایک پر حملہ دوسرے پر حملہ سمجھا جائے گا۔ اس طرح ایک ایسا دفاعی حصار قائم کیا گیا ہے، جو کسی بھی حملہ آور کو حملہ کرنے سے پہلے سو بار سوچنے پر مجبور کرے گا۔ جوں جوں مسلمان ملک اس لڑی میں خود کو پروتے جائیں گے، ان کے اثر و رسوخ اور صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ ان سب کامرانیوں اور کامیابیوں کے باوجود پاکستان اپنے داخلی مسائل پر قابو پانے میں کامیاب نہیں ہو رہا۔ بکھری ہوئی سیاست بہت کچھ بکھیر دینے پر تلی نظر آتی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ ہم سب اپنا اپنا کام نہیں کر رہے، دوسروں کے کام میں مداخلت کو فرض اولین سمجھ بیٹھے ہیں۔ ہمارے اہلِ سیاست کو بھی اس کا ادراک کرنا چاہیے اور ان کو بھی جن کو سیاست سے الگ رہنے کی تلقین کی گئی ہے۔
ہماری حکومت اور اپوزیشن کے درمیان تعلقات کار قائم نہیں ہو پاتے، دونوں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں لگے رہتے ہیں۔ وزیراعظم نام کی مخلوق کی عجب درگت بنائی گئی ہے۔ اس کے لئے جیل یاترا لازم قرار دے دی گئی ہے۔ کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے۔۔۔ ایوان وزیراعظم سے نکلنے (یا نکالے جانے) والے ہر شخص کو حوالہ زنداں کرنا ہماری سیاست کا بنیادی اصول قرار پایا ہے۔ زنداں خانے سے ایوان اقتدار تک پہنچنے کا راستہ بھی مسدود نہیں ہوا۔ جیو اور جینے دو کی گردان تو بہت کی جاتی ہے لیکن اس پر عمل دکھائی نہیں دیتا۔ قائد کی ساری جدوجہد آئین اور قانون کے دائرے میں رہی، اسی لئے انہوں نے قید و بند کا مزہ نہیں چکھا۔ ان کے قائم کردہ ملک میں آئین اور قانون کے تحت زندگی منظم نہیں ہوگی تو چین نصیب نہیں ہوگا۔
آئین سے ماوراء اقدامات تجویز کرنا اور ان کے ذریعے فلاح کا راستہ تلاش کرنا ایک ایسی بدعت ہے جس نے ہمیں ماضی میں شدید نقصان پہنچایا ہے، یہ روش برقرار رہی تو مستقبل بھی خطرات سے دوچار ہوسکتا ہے۔ ہر مسئلے کا حل آئین کے اندر رہتے ہوئے تلاش کرنا ہمارا قومی شعار ہونا چاہیے۔ ڈاکٹر مکان کا نقشہ نہیں بنا سکتا اور آرکیٹکٹ کسی مرض کا علاج نہیں کرسکتا۔ معدہ جگر کی جگہ اور جگر دل کی جگہ نہیں لگایا جاسکتا۔ سارے اعضا اپنا اپنا کام کریں گے تو سب کا کام چلتا رہے گا۔ ایک دوسرے کی جگہ لینے کی کوشش عجیب الخلقت بچوں کو تو جنم دے سکتی ہے، کوئی مایہ ناز مخلوق تخلیق نہیں کرسکتی۔۔۔ اپنا اپنا کام کیجئے اور آگے بڑھتے جائیے۔ صدیوں کا تجربہ یہی بتا رہا ہے جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے۔
"عجز عاجزانہ"
جناب عابد حسین قریشی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے طور پر ریٹائر ہوئے لیکن اس کے بعد قلم کے محاذ پر داد فراست دینے لگے۔ ایک جج کے طور پر تو ان کی توجہ کا مرکز وہ مقدمات تھے جن کا فیصلہ انہیں کرنا ہوتا تھا۔ ان کی معاملہ فہمی اور عدل گستری کا چرچا ہوا، دور نزدیک، ان کو جانا اور مانا جانے لگا۔ ریٹائرمنٹ کے بعد ان کا قلم فراٹے بھرنے لگا۔ "عدل بیتی" کے زیر عنوان خود نوشت چھپی تو پھر کالموں کا مجموعہ "تجاہل عادلانہ" منظر عام پر آ گیا۔ ان کا شمار بڑے ادیبوں اور کالم نگاروں میں ہونے لگا۔ اب "عجز عاجزانہ" کے زیر عنوان ان کی تازہ تصنیف نے مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کر دیئے ہیں۔ قرآن، صاحب قرآن اور اہل بیت کے حوالے سے انہوں نے جو کچھ لکھ ڈالا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔

روزنامہ عوام کھیلوں کی دنیا

انچارج شجاع
ایڈیٹرانچیف وسیم احمد
MEMBER OF APNS

پاکستانی کرکٹرز صرف سینٹرل کنٹریکٹس بچانے کیلئے ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہے ہیں، احمد شہزاد

ہمیں ایسی پچز کی ضرورت ہے جہاں بالرز کو بھی مدد ملے تاکہ بلے باز اپنی تکنیکی خامیوں کو دور کرسکیں، سابق اوپنر

گزشتہ 12 ماہ کے دوران کم ازکم 4 ٹیسٹ، 6 ون ڈے یا 6 ٹی 20 انٹرنیشنل کھیلنے کی شرط بھی پوری کی ہوگی، ٹریک ڈی پر یہ شرط لاگو نہیں ہوتی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق اوپنر احمد شہزاد نے کہا ہے کہ قومی ٹیم کے کئی اسٹار کرکٹرز اپنی مرضی سے نہیں بلکہ صرف سینٹرل کنٹریکٹس بچانے کے لیے ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق شاہین شاہ آفریدی، حارث رؤف، فخر زمان اور سلمان علی آغا سمیت کئی نمایاں کھلاڑی حالیہ پریذیڈنٹ ٹرافی میں فرسٹ کلاس کرکٹ کھیل رہے ہیں جبکہ بابر اعظم بھی آئندہ راؤنڈ میں ٹورنامنٹ کا حصہ بننے والے ہیں۔احمد شہزاد نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں اس حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کھلاڑیوں کی ڈومیسٹک کرکٹ میں واپسی انتخاب نہیں بلکہ سینٹرل کنٹریکٹس کا نتیجہ ہے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ سینٹرل کنٹریکٹس میں کھلاڑیوں کے لیے مخصوص تعداد میں ڈومیسٹک میچز کھیلنا لازمی قرار دیا گیا ہے، بصورت دیگر وہ سینٹرل کنٹریکٹ کے اہل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے ڈومیسٹک کرکٹ میں استعمال ہونے والی پچز پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر میچز میں غیر معمولی طور پر بڑی تعداد میں رنز بن رہے ہوں تو اس نظام کا مقصد پورا نہیں ہوگا۔ احمد شہزاد نے کہا کہ ہمیں ایسی پچز کی ضرورت ہے جہاں بالرز کو بھی مدد ملے تاکہ بلے باز اپنی تکنیکی خامیوں کو دور کرسکیں اور بین الاقوامی کرکٹ کے لیے زیادہ موثر انداز میں تیار ہوں۔ انہوں نے ماضی میں سیالکوٹ اور راولپنڈی کے بعض مقامات پر ملنے والی پچز کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کا مقصد صرف رنز بنانا نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو بین الاقوامی معیار کے لیے تیار کرنا بھی ہونا چاہیے۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) نے 2026-27 کے لیے مرکزی معاہدوں کے نظام میں تبدیلی کرتے ہوئے روایتی اے، بی، سی اور ڈی کیٹیگریز کے بجائے فارمیٹ کی بنیاد پر 5 ٹریکس متعارف کروائے ہیں۔ نئے نظام کے تحت کھلاڑیوں کے لیے فٹنس اور میڈیکل ٹیسٹ کے علاوہ ڈومیسٹک کرکٹ میں مخصوص شرکت اور کارکردگی کے معیار پر پورا اترنا بھی ضروری ہے۔ رپورٹ کے مطابق سینٹر ٹریکس کے لیے صرف وہ کھلاڑی اہل ہوں گے جنہوں نے گزشتہ 12 ماہ کے دوران کم ازکم 4 ٹیسٹ، 6 ون ڈے یا 6 ٹی 20 انٹرنیشنل کھیلنے کی شرط بھی پوری کی ہوگی، جب کہ ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کے لیے مختص ٹریک ڈی پر یہ شرط لاگو نہیں ہوتی۔

شہداپاکستان اینڈسلیم ناظم اولمپین میموریل ہاکی ٹورنامنٹ کی تیاریاں کے حوالے سے آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) شہدا پاکستان اینڈ سلیم ناظم اولمپین میموریل ہاکی ٹورنامنٹ کی تیاریاں کے حوالے سے آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) ہفتہ کو ہوگا۔ اجلاس کی صدارت چیف آرگنائزر محمد یامین بھٹی کریں گے۔ اجلاس میں ٹورنامنٹ کے انتظامات کا جائزہ اور انتظامات کو آخری شکل دی جائے گی۔ ایم ایچ عاطف ہاکی اکیڈمی کے زیر اہتمام شہدا پاکستان اینڈ سلیم ناظم اولمپین میموریل ہاکی ٹورنامنٹ 20 ستمبر سے 25 ستمبر تک ہاکی سٹیڈیم، فیصل آباد میں کھیلا گیا ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

ایشین گیمز، بھارتی خاتون جمناسٹ کو مرد کوچ کیساتھ ایک ہی کمرہ دے دیا گیا

سرکاری ریکارڈ میں نام درج کرتے ہوئے حرف آئی رہ جانے کی وجہ سے یہ مسئلہ پیدا ہوا، رپورٹ

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں جاری ایشین گیمز 2026 کے دوران بھارتی جمناسٹ پرناتی نائیک اور ان کے کوچ اشوک مشرا کو رہائش کے حوالے سے غیر معمولی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی دستے کے ارکان کے لیے مختص کروز شپ پر پرناتی نائیک اور ان کے مرد کوچ کو غلطی سے ایک ہی کمرہ الاٹ کردیا گیا جس پر مخلوط جنس کی رہائش سے متعلق خدشات پیدا ہوئے اور معاملہ بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن تک پہنچ گیا۔ بعد ازاں تقریباً رات ڈیڑھ بجے دونوں کے لیے الگ الگ کمروں کا انتظام کیا گیا تاہم اشوک مشرا کو نئے کمرے کی چابی حاصل کرتے وقت ایک اور مشکل پیش آ گئی، ہوٹل انتظامیہ کو رجسٹر میں ان کی بکنگ نہیں مل سکی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سرکاری ریکارڈ میں نام درج کرتے ہوئے حرف آئی رہ جانے کی وجہ سے یہ مسئلہ پیدا ہوا۔ مشرا کی ایکریڈیٹیشن اور بکنگ کی تفصیلات دوبارہ چیک کرکے درست کی گئیں جس میں مزید تقریباً 45 منٹ لگ گئے اور وہ رات 2 بجے کے بعد اپنے کمرے میں پہنچ سکے۔ پرناتی نائیک نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ رہائش میں غلطی ہوئی تھی تاہم اسے رات تقریباً 2 بجے حل کرلیا گیا۔ پرناتی نائیک 19 ستمبر سے جمناسٹکس مقابلوں میں اپنی مہم کا آغاز کریں گی۔

ایشین گیمز کی رنگارنگ افتتاحی تقریب (آج) ہوگی

گزشتہ ایشین گیمز میں پاکستان نے ایک سلور اور دو برانز میڈل جیتے تھے

اچی ناگویا (این این آئی) جاپان کے شہر اچی ناگویا میں ایشین گیمز کی رنگارنگ افتتاحی تقریب (آج) ہفتہ کو ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق مارچ پاسٹ میں پاکستانی دستے کی قیادت فاطمہ شاہ اور نور زمان کریں گے، 4 جون تک جاری رہنے والی ان گیمز میں 45 ممالک کے 17 ہزار سے زائد اتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں، 230 کھلاڑی اور آفیشلز پاکستانی دستے کا حصہ ہیں جو 23 کھیلوں میں میڈلز پانے کی جدوجہد کریں گے، گزشتہ ایشین گیمز میں پاکستان نے ایک سلور اور دو برانز میڈل جیتے تھے۔ سافٹ ٹینس مقابلوں میں پاکستان کو ٹیم ایونٹ میں جاپان، کوریا اور کمبوڈیا سے شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے جبکہ ویمنز کرکٹ میں پاکستان کی ٹیم سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ دوسری جانب اسکواش ٹیم بھی جاپان روانہ ہوئی ہے۔

ایشین گیمز: بھارتی ویمنز ٹیم کمزور حریف کو شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی

بھارت نے 58 رنز کا ہدف صرف 5 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا

اچی ناگویا (این این آئی) ایشین گیمز میں ویمنز کرکٹ مقابلوں میں بھارتی ٹیم کمزور حریف جاپان کو شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ اچی ناگویا میں جاری ایونٹ میں کھیلے گئے چوتھے کوارٹر فائنل میں دفاعی چیمپئن بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ جاپان کی ٹیم 19.5 اوورز میں 57 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ دونوں اوپنرز کے علاوہ دیگر کوئی بلے باز ڈبل فیگرز میں داخل نہیں ہوسکیں۔ بھارت کی جانب سے شری چارانی نے 4، شفالی ورما نے 2 جبکہ شریانکا پاٹل اور دیپتی شرما نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ بھارت نے 58 رنز کا ہدف صرف 5 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ شفالی ورما 15 گیندوں پر ناقابل شکست 40 رنز بنا کر نمایاں رہیں۔

کھیل کے میدان میں کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرنا بہت ضروری ہے، نصراللہ خان

کھلاڑی ملک کا سرمایہ اور امن کے سفیر کا درجہ رکھتے ہیں، کھیل کے میدان میں ان کی حوصلہ افزائی بہت ضروری ہے، گفتگو

بنوں (این این آئی) خیبر پختونخوا فٹ بال ایسوسی ایشن کے قائمقام صدر نصراللہ خان نے کہا ہے کہ کھیل کے میدان میں کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرنا بہت ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بنوں سپورٹس کمپلیکس میں جاری زیاد اکرم درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ میں بطور مہمان خصوصی اپنے خطاب میں کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری اسرار بنگش کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو وسائل فراہم کرنے اور کھلاڑیوں کی سلیکشن میرٹ کی بنیاد پر کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑی ملک کا سرمایہ اور امن کے سفیر کا درجہ رکھتے ہیں، کھیل کے میدان میں ان کی حوصلہ افزائی بہت ضروری ہے۔ آخر پر نصراللہ خان نے قومی اسمبلی کے سابق ڈپٹی سپیکر زاہد اکرم خان درانی کی زیاد اکرم درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ منعقد کروانے پر کوشش اور کاوشوں کو بھی سراہا۔ ٹورنامنٹ کے میچ میں خان جی کلب لکی نے آئیڈیل اکیڈمی لتمبر کو ایک سخت مقابلے کے بعد 1-0 گول سے ہرا کر اگلے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔

ایشین گیمز، منیبہ علی والدہ کی علالت کے باعث ٹیم چھوڑ کر وطن واپس آگئیں

دبئی (این این آئی) پاکستان کی وکٹ کیپر بلے باز منیبہ علی والدہ کی علالت کے باعث ایشین گیمز 2026 کے ویمنز کرکٹ ایونٹ سے باہر ہوگئی ہیں۔ ایشیا کپ کے اختتام کے بعد وہ دبئی سے وطن واپس روانہ ہوگئیں، قومی ٹیم کے دیگر کھلاڑی جاپان پہنچ گئے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے وقت کی کمی اور ناک آؤٹ مرحلے کے 22 ستمبر تک مکمل ہونے کے باعث منیبہ کا متبادل طلب نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ منیبہ کی غیر موجودگی میں گل فیروزہ وکٹ کیپنگ کی ذمہ داریاں سنبھالیں گی اور بیٹنگ میں بھی اوپننگ کریں گی۔ انہوں نے تھائی لینڈ کے خلاف کوارٹر فائنل میں بھی یہی کردار ادا کیا تھا۔

شہداپاکستان اینڈسلیم ناظم اولمپین میموریل ہاکی ٹورنامنٹ (کل) سے فیصل آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) شہدا پاکستان اینڈ سلیم ناظم اولمپین میموریل ہاکی ٹورنامنٹ کل اتوار سے ہاکی سٹیڈیم، فیصل آباد میں شروع ہوگا۔ ٹورنامنٹ چیف آرگنائزر محمد یامین بھٹی نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور ٹورنامنٹ میں آٹھ ٹیمیں ناک آؤٹ حصہ لیں گی اور ٹورنامنٹ 25 ستمبر تک جاری رہے گا اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

محمد رضوان کی آئی سی سی سے اینٹی کرپشن کارروائی سے متعلق رہنمائی کی درخواست

قومی کرکٹر نے موبائل فون لے جانے اور اینٹی کرپشن کارروائی سے متعلق رہنمائی مانگ لی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان نے آئی سی سی اینٹی کرپشن یونٹ سے رہنمائی کی درخواست کرتے ہوئے موبائل فون لے جانے اور اینٹی کرپشن کارروائی سے متعلق رہنمائی مانگ لی۔ تفصیلات کے مطابق محمد رضوان نے آئی سی سی اینٹی کرپشن یونٹ کے پورٹل پر جا کر آن لائن درخواست دی، جہاں انہوں نے سوال اٹھایا کہ آئی سی سی، انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ (ای سی بی) کی اینٹی کرپشن یونٹ کارروائی سے آگاہ وہ اس میں شامل تھی؟ انہوں نے یہ دریافت کیا کہ فون طلب کرنا، برطانیہ سے پاکستان منتقلی آئی سی سی اینٹی کرپشن کوڈ کے مطابق تھی یا نہیں؟ فورنزک معائنے کا طریقہ کار آئی سی سی اینٹی کرپشن کوڈ کے مطابق تھا یا نہیں؟ محمد رضوان نے آئی سی سی سے آئندہ تعاون سے متعلق اپنی ذمہ داریوں، طریقہ کار کی وضاحت بھی طلب کرلی اور کہا کہ کسی ادارے یا فرد کے خلاف شکایت نہیں کر رہے، معاملے کی وضاحت چاہتے ہیں۔

آسٹریلیا کیخلاف ون ڈے سیریز سے قبل جنوبی افریقہ کو نقصان، فاسٹ بولر کی انجری

لنگی نگیڈی دائیں ٹانگ پر انجری کے باعث 3 میچز کی ون ڈے سیریز سے باہر، جنوبی افریقہ نے لنگی نگیڈی کے متبادل کے طور پر نوجوان نکوبانی موکوینا اسکواڈ میں شامل

جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل میچز 24، 27 اور 30 ستمبر کو شیڈول ہیں جو بالترتیب ڈربن، جوہانس برگ اور پوچ فیسٹرم میں کھیلے جائیں گے

سڈنی (این این آئی) جنوبی افریقہ کے فاسٹ بولر لنگی نگیڈی دائیں ٹانگ پر انجری کے باعث آسٹریلیا کے خلاف 3 میچز کی ون ڈے سیریز سے باہر ہوگئے۔ لنگی نگیڈی کو ڈومیسٹک فرسٹ کلاس میچ کے دوران دائیں جانب ہیمسٹرنگ میں تکلیف محسوس ہوئی جس کے بعد اسکینز کرائے گئے اور اسکینز کے نتائج کے بعد اب انہیں بحالی کے مرحلے سے گزرنا ہوگا۔ لنگی نگیڈی کی انجری کے بعد آسٹریلوی ٹیم کے خلاف ون ڈے سیریز کے لیے جنوبی افریقی اسکواڈ میں ایک اور تبدیلی کرنا پڑ گئی۔ اس سے قبل گلیسور بادا اور اوٹنیل بارٹ مین بھی انجریز کے باعث سیریز سے باہر ہو چکے ہیں۔ جنوبی افریقہ نے لنگی نگیڈی کے متبادل کے طور پر نوجوان فاسٹ بولر نکوبانی موکوینا کو اسکواڈ میں شامل کرلیا ہے۔ موکوینا نے حال ہی میں نمیبیا کے خلاف ون ڈے سیریز میں ڈیبیو کیا تھا جہاں انہوں نے 2 میچز میں ایک وکٹ حاصل کی تھی۔ جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل میچز 24، 27 اور 30 ستمبر کو شیڈول ہیں جو بالترتیب ڈربن، جوہانس برگ اور پوچ فیسٹرم میں کھیلے جائیں گے۔

بھارت کے ابھیشیک شرما کی افغانستان کیخلاف 30 گیندوں پر سنچری، ریکارڈ قائم

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے بائیں ہاتھ کے اوپنر ابھیشیک شرما نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں بھارت کی جانب سے تیز ترین سنچری بنا کر ریکارڈ قائم کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں افغانستان کے خلاف تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بیٹنگ کی دعوت ملنے کے بعد ابھیشیک شرما نے بھارتی اننگز کا آغاز کیا اور افغان بولرز کی خوب پٹائی کی۔ انہوں نے صرف 30 گیندوں پر سنچری اسکور کی، ابھیشیک شرما میچ میں 34 گیندوں پر 108 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، ان کی دھواں دار اننگز میں 11 چھکے اور 9 چوکے شامل تھے۔

شاداب خان کی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں دوسری ہیٹ ٹرک

شاداب خان سی پی ایل میں ہیٹ ٹرک کرنے والے تیسرے بولر بن گئے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر شاداب خان نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں دوسری ہیٹ ٹرک کرلی۔ شاداب خان نے کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) میں اینٹیگا اینڈ باربوڈا فیلکنز کی نمائندگی کرتے ہوئے گیانا ایمیزون واریئرز کے خلاف ہیٹ ٹرک کی۔ انہوں نے نویں اوور میں کی آخری تین گیندوں پر شمرون ہیٹمایر، مہدی حسن میراز اور کوینٹین سیمپسن کو آؤٹ کرکے یہ کارنامہ انجام دیا۔ وہ سی پی ایل میں ہیٹ ٹرک کرنے والے تیسرے بولر بن گئے ہیں۔ شاداب خان کی یہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں دوسری ہیٹ ٹرک ہیں۔ صرف محمد سمیع ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں تین ہیٹ ٹرکس کے ساتھ ان سے آگے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی شاداب خان نے 2026 میں سب سے زیادہ (67) ٹی ٹوئنٹی وکٹیں بھی حاصل کر رکھی ہیں۔

نیشنل فزیکل ڈس ایبلٹی کرکٹ چیمپئن شپ آئندہ ماہ اکتوبر میں کھیلی جائیگی، امیر الدین انصاری

پی ڈی نیشنل کرکٹ چیمپئن شپ ملک کے مختلف شہروں میں کھیلی جائیگی جس کے حتمی شیڈول کا اعلان جلد کیا جائے گا، گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان فزیکل ڈس ایبلٹی کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پی ڈی نیشنل کرکٹ چیمپئن شپ آئندہ ماہ اکتوبر میں کھیلی جائے گی جس کیلئے مختلف ریجن کی ٹیموں کی تشکیل کے سلسلے میں ٹرائلز کا آغاز ہوگیا ہے، پاکستان فزیکل ڈس ایبلٹی کرکٹ ایسوسی ایشن کے سیکرٹری امیر الدین انصاری نے بتایا کہ پی ڈی نیشنل کرکٹ چیمپئن شپ ملک کے مختلف شہروں میں کھیلی جائے گی جس کے حتمی شیڈول کا اعلان جلد کیا جائیگا اس چیمپئن شپ میں ایسوسی ایشن سے منسلک تمام ریجنز کی ٹیمیں شرکت کریں گی اور گریڈ ون اور گریڈ ٹو چیمپئن شپس کھیلیں گی۔ اس تناظر میں مختلف ریجنز میں ٹیموں کی تشکیل کیلئے ٹرائلز شروع ہو چکے ہیں، گزشتہ روز اسلام آباد فزیکل ڈس ایبلٹی کرکٹ ٹیم کے ٹرائلز شالیمار کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں منعقد ہوئے جبکہ بہاولپور پی ڈی کرکٹ ٹیم کی تشکیل کے سلسلے میں ٹرائلز 20 ستمبر کو تاریخی ڈرنگ اسٹیڈیم بہاولپور میں منعقد ہونگے۔

CORRIGENDUM

It is hereby informed to all concerned that the Tender Notice for the works"RREHABILITATION OF B/T ROAD FROM SULTAN KOT TO KOHLU TEHSIL & DISTRICT SIBI (PHASE-I) FROM 8.90 TO 28.90 KM PSDP NO. 1194 (Z2026.0176) (TSE-2627081180443), published under PRQ No. 1133/31-08-2026 in the daily newspapers, has been amended in the bidding documents. Accordingly, the Tender Fee has been revised and shall be read as Rs. 3,000/-. Furthermore, the deadline for submission of bids has also been extended Now, the deadline for submission of bids is extended up to 25th September, 2026 at 9:00 AM. All the bids shall be opened on the same day at 10:00 AM. All other condition will be remain of the same

EXECUTIVE ENGINEER (Road), CWPP&H Department District, Sevi

PRQ No.1457/18-9-2026

CORRIGENDUM

FOR HIRING OF HR FIRM FOR RECRUITMENT SUPPORT OF C-SUITE / KEY EXECUTIVES OF PROPOSED BANK OF BALOCHISTAN
TSE-2627091190702

With reference to this office's advertisement **DPRQ/PRQ No.1318/11-9-2026** dated 11th September 2026 regarding hiring of HR Firm for Recruitment Support of C-Suite/Key Executives of Proposed Bank of Balochistan **TSE-2627091190702**, it is notified that the Technical Evaluation Criteria mentioned in the RFP document has been revised. The revised Technical Evaluation Criteria is available on the BPPRA e-Procurement System (EPPS). All other terms and conditions of the RFP shall remain unchanged. Any inconvenience caused is highly regretted.

SECTION OFFICER (ADMN / B&A) Finance Department

PRQ No.1468/18-9-2026

CORRIGENDUM / ADDENDUM IN DATE

It is in reference to the tender advertisement issued by the Deputy Director, Agriculture On Farm Water Management, District Quetta, published in daily Jung newspapers on 1st September 2026 vide PRQ No. 1105/31-08-2026. In this regard, it is informed that the eligibility criteria of the tender has been amended to incorporate the conditions regarding the responsibilities of JV partners in fulfilling the prescribed requirements. Accordingly, the last date for submission of bids has also been extended up to 25th September 2026 through E-bid. All other terms and conditions shall remain unchanged.

Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Quetta

PRQ No.1458/18-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr.gob @dpr.gob @dpr.gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

اور ذمہ داری کا قانون کے مطابق تعین پارلیمانی نگرانی کا بنیادی تقاضا ہے۔ کمیٹی نے پمز (PIMS) میں 14 نومولود بچوں کی اموات کے معاملے کا جائزہ لیتے ہوئے ذمہ داری کا واضح تعین کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ کمیٹی نے اس حوالے سے مکمل فرانزک، ڈی این اے، سی سی ٹی وی ریکارڈ اور انکوائری رپورٹس طلب کیں تاکہ دستیاب شواہد کی بنیاد پر اصل حقائق سامنے لائے جا سکیں۔ تھانہ نیلور سے متعلق ہلاکت کے کیس کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے مکمل تفتیشی ریکارڈ، فرانزک اور بیلسٹک شواہد متعلقہ قانونی دفعات کے تحت ریکارڈ کیے گئے بیانات ملزمان کی گرفتاری کی صورتحال اور کیس کے دیگر تمام پہلوؤں کی تصدیق شدہ شواہد کی بنیاد پر جانچ کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں ایک اور کیس احمد جاوید قتل کیس بھی اجلاس میں زیر بحث آیا، جس میں ملزمان کو دی گئی ضمانت کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے پراسیکیوشن کو ہدایت کی کہ ہر ملزم کے حوالے سے دستیاب شواہد اور ضمانت کے احکامات کا الگ الگ جائزہ لیا جائے اور جہاں قانوناً قابل عمل بنیاد موجود ہو وہاں مناسب قانونی کارروائی آگے بڑھائی جائے۔ کمیٹی نے گوجر آباد میں 18 ماہ کے کمسن بچے کے جنسی تشدد اور قتل کے کیس کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ کمیٹی نے فرانزک نتائج، دستیاب شواہد، تفتیش میں پیش رفت اور متاثرہ خاندان کی معاونت کے لیے کیے گئے اقدامات پر مشتمل جامع تحقیقاتی رپورٹ طلب کی۔ میر رضا علی خان کیس بھی اجلاس میں تفصیل سے زیر بحث آیا۔ کمیٹی نے جائے وقوعہ، پہلے اور دوسرے پوسٹ مارٹم، دوران تفتیش ریکارڈ کیے گئے

بقیہ 2

اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی ہی ہماری سب سے بڑی قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف اجتماعی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا، جبکہ امن دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے قوم کو متحد رہنا ہوگا۔

بقیہ 3

ساتھ زخمیوں سے یکجہتی و ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 4

مالی مشکلات، سفری مسائل اور دیگر سماجی و معاشی رکاوٹوں کے باعث اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ پاتیں۔ ژوب کیمپس کا قیام ان طالبات کو ان کی دہلیز پر ہائیر ایجوکیشن کے قریب لانے اور ان کے تعلیمی خوابوں کو عملی شکل دینے میں مدد دے گا۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر ڈاکٹر روبینہ مشتاق سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ تیزی سے تبدیل ہوتی ہوئی ڈیجیٹل دنیا میں بعض روایتی مضامین کی مارکیٹ ویلیو کم ہو رہی ہے جبکہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس، جدید لیبارٹری ٹیکنالوجی، نیوٹریشن، ڈیٹا سائنسز اور دیگر نئے شعبے انسانی زندگی اور جدید معیشت کی اہم ضرورت بنتے جا رہے ہیں۔ اس بدلتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر ہمیں پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کو بھی اپنے تعلیمی پروگرامز کو مستقبل قریب کی ضروریات، ہائیر ایجوکیشن پالیسی اور مارکیٹ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ترجیح صرف اکیڈمک ڈگریاں جاری کرنا نہیں بلکہ ایسی کوالٹی ایجوکیشن فراہم کرنا ہے جو نئی نسل کو جدید علم، ڈیجیٹل اسکلز اور روزگار کے نئے مواقع سے منسلک کر سکے۔

بقیہ 5

تصویر یا ویڈیو شیئر کرنے کا نام نہیں، بلکہ جماعت کے فکر و نظریے، قائدین کے مؤقف، تنظیمی سرگرمیوں اور عوامی مسائل کو ذمہ داری، دلیل اور شائستگی کے ساتھ عوام تک پہنچانے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ہر پوسٹ اور ہر تحریر جماعت کی ترجمانی کرتی ہے، اس لیے غیر مصدقہ خبروں، افواہوں، جعلی تصاویر، غیر ذمہ دارانہ تبصروں اور ذاتی تنقید سے مکمل اجتناب کیا جائے اور کسی بھی خبر کو آگے بڑھانے سے پہلے اس کی تصدیق کو ضروری سمجھا جائے۔ نوجوان کارکن جذبات کے بجائے شعور، اشتعال کے بجائے دلیل اور منفی پروپیگنڈے کے بجائے مثبت اور تعمیری ابلاغ کو اپنا شعار بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کوئٹہ کی ڈیجیٹل میڈیا ٹیم کو یونٹ کی سطح تک منظم کیا جائے اور ہر یونٹ میں ایسے باصلاحیت نوجوان تیار کیے جائیں جو تحریر، گرافک ڈیزائن، ویڈیو ایڈیٹنگ، فوٹوگرافی، لائیو کوریج اور سوشل میڈیا مینجمنٹ کی جدید مہارتوں سے آراستہ ہوں۔

بقیہ 6

کا دھماکہ دیوار کو نقصان جبکہ سی این جی کے دروازے کھڑکیاں ٹوٹ گئیں خوش قسمتی سے جانی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود اربانہ ہوٹل کے قریب میر ارسلان سی این جی کی [illegible]

بقیہ 7

[illegible]

بقیہ 8

[illegible]

بقیہ 9

[illegible]

بقیہ 10

[illegible]

اور معاونین کو ہر صورت بے نقاب کرکے قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔ جو ہاتھ معصوم پاکستانیوں کے خون سے رنگے گئے ہیں، انہیں قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشت گردوں کو ان کے مذموم عزائم میں ایسی عبرتناک شکست دی جائے گی کہ وہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے سے پہلے کئی بار سوچیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قوم متحد ہے، ریاست متحد ہے اور سیکیورٹی فورسز متحد ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف قومی عزم کو کسی دھماکے، کسی سازش اور کسی بزدلانہ کارروائی سے متزلزل نہیں کیا جا سکتا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے شہداء کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ وہ دن دور نہیں جب پاکستان دشمن عناصر کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 11

علاقے کی ناکا بندی کرکے تخریب کاروں کی تلاش شروع کردی بی ڈی ایس ٹیم کی رپورٹ کے مطابق دھماکہ ٹائم بم میں ایک کلو دھماکہ خیز مواد استعمال کر کے کیا گیا ہے

بقیہ 12

براہ راست خود کریں گے اور کیسز کو اضلاع کو واپس نہیں بھیجا جائے گا تاکہ اثر و رسوخ کو ختم کیا جا سکے، ضرورت پر پرانی بند شکایات دوبارہ کھولی جائیں گی، تفتیش سے متعلق شکایات ایس پی رینک کو دی جائیں گی اور محکمانہ کارروائیوں کی نگرانی سنٹرل پولیس آفس کرے گا۔ ایس او پی میں اے آئی جی انکوائریز کی نئی آسامی کے قیام، ریجنل ایس پیز اور ڈی ایس پیز کی خالی آسامیوں پر ترجیحی تعیناتی، IAB کو مالی و بجٹ خودمختاری دینے اور اسپیشل برانچ کی انٹیلی جنس کو احتساب کے عمل میں شامل کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، جبکہ عملدرآمد کی ہفتہ وار رپورٹ سنٹرل پولیس آفس کو پیش کی جائے گی۔

بقیہ 13

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا ہے کہ عبادت کے دوران نمازیوں کو نشانہ بنانا انتہائی سنگین دہشت گردی ہے، لیکن کوہاٹ کا یہ سانحہ کوئی الگ تھلگ واقعہ نہیں۔ گزشتہ کئی ماہ سے خیبر پشتونخوا اور جنوبی پشتونخوا کے عوام مسلسل دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا، بم دھماکوں، مسلح حملوں اور خوف و ہراس کا سامنا کر رہے ہیں، جبکہ حکمرانوں کی طرف سے مستقل اور مؤثر سیاسی و انتظامی حکمت عملی نظر نہیں آ رہی۔ پارٹی نے کہا کہ جنوبی پشتونخوا خصوصاً زیارت، ہرنائی، ژوب، پشین، سرانان، قلعہ عبداللہ، کوئٹہ، قلعہ سیف اللہ اور دیگر علاقوں میں رونما ہونے والے مسلسل واقعات نے واضح کر دیا ہے کہ بدامنی اب کسی ایک ضلع یا علاقے کا مسئلہ نہیں رہی بلکہ پورا خطہ ایک سنگین سیکورٹی بحران سے دوچار ہے۔ زیارت کے منگی کے علاقے میں پولیس چیک پوسٹ پر حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت اور اہلکاروں کے اغوا کا واقعہ ہو یا پشین کے زیارت کراس پر کمشنر تصیب کو نشانہ بنانے کا حملہ، سرانان کے اطراف مسلح عناصر کے خلاف کارروائیاں ہوں یا قلعہ عبداللہ اور کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں سیکورٹی واقعات، ان تمام واقعات نے عوام کے اندر شدید عدم تحفظ پیدا کیا ہے۔

بقیہ 14

حرمین شریفین جس ریاست کے زیر انتظام ہوں تاہم حرمین الشریفین پوری امت مسلمہ کا مشترکہ روحانی مرکز اور مسلمانوں کے دلوں کی عقیدت کا محور ہیں۔ مکہ مکرمہ کی حرمت اور تقدس پر کسی بھی قسم کی جارحیت یا تعرض نہ صرف ناقابل قبول ہے بلکہ اس کے نتائج پورے عالم کے امن و استحکام کے لیے انتہائی سنگین ہو سکتے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ مکہ مکرمہ پر حملے کی کوئی بھی کوشش پوری مسلم دنیا کے جذبات کو شدید مجروح کرنے اور خطے کو آگ و خون کی لپیٹ میں لانے کے مترادف ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین پوری امت مسلمہ کے ایمان و عقیدت کا مرکز ہیں ان کی حرمت و تقدس کا تحفظ ہر مسلمان کی دینی ذمہ داری ہے، جس پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قوت کو مقدسات اسلام کی بے حرمتی یا ان کی حرمت کو پامال کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

بقیہ 15

شہید پولیس اہلکار کے اہل خانہ سے تعزیت اور متاثرہ خاندانوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا کی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی ہماری سب سے بڑی قوت ہے، ملک میں پائیدار امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف اجتماعی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا اور امن دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنانے کے لیے قوم کو متحد رہنا ہوگا۔

بقیہ 16

پلان، مانیٹرنگ اور دیگر معاملات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ کمشنر ذیشان لاشاری نے ہدایت کی کہ کوئٹہ گرین بس سروس کے تمام معاملات کو مرحلہ وار ڈیجیٹلائز کیا جائے۔ انہوں نے ٹکٹنگ سسٹم کو اپ گریڈ کرتے ہوئے [illegible]

بقیہ 17

[illegible]

بقیہ 18

[illegible]

بقیہ 19

[illegible]

اداروں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے عوامی مسائل کے مؤثر حل کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے بلوچستان میں پائیدار ترقی اور عوامی فلاح کے لیے مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا۔

بقیہ 20

نمازیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور بزدلانہ عمل ہے۔ ایسے انسانیت سوز واقعات کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے اس واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اور ٹھوس اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ ضلعی ترجمان نے واقعے میں شہید ہونے والے افراد کے لیے بلندی درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل جبکہ زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جائیں، واقعے کی مکمل تحقیقات کر کے اس کے پس پردہ عناصر کو بے نقاب کیا جائے۔

بقیہ 21

بتایا کہ مہم کے دوران 4 لاکھ 41 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ 1800 ٹیمیں مہم میں حصہ لیں گی۔ مہم کے لیے سکیورٹی پلان بھی مرتب کر لیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں اور ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔

بقیہ 22

وجنگلی حیات، شاہد سلیم قریشی سیکرٹری کو محکمہ بین المذاہب ہم آہنگی جبکہ تعیناتی کے منتظر عرفان اللہ خان کو کمشنر سبی ڈویژن تعینات کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات مطابق عمران گچکی اور سیکرٹری محکمہ بین المذاہب ہم آہنگی کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کو رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 23

موثر بنایا جائے، جبکہ ٹیکس دہندگان کو قانون کے مطابق بروقت رہنمائی اور سہولت فراہم کی جائے۔ اجلاس میں آئی ٹی ٹیم کو بھی ہدایت کی گئی کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے عمل کو مزید تیز کیا جائے اور رجسٹریشن، ٹیکس رپورٹنگ، مانیٹرنگ اور کلیکشن کے عمل کو مزید موثر، شفاف اور ڈیجیٹل بنایا جائے۔ چیئرپرسن نے اس امر پر زور دیا کہ ڈیٹا پر مبنی نگرانی، جدید ڈیجیٹل نظام اور موثر ٹیکس تعمیل کے ذریعے محصولات کی وصولی کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ٹیکس دہندگان کے لیے خدمات کو مزید آسان بنایا جائے۔

بقیہ 24

صحت نے ہسپتال میں مکمل کیے گئے رینوویشن کے کاموں کو سراہتے ہوئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (MS) ڈاکٹر حسن بلوچ اور ہسپتال انتظامیہ کی کاوشوں کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال کی بہتری اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے ہسپتال میں خدمات انجام دینے والے ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف اور دیگر طبی و معاون عملے کی کارکردگی کو بھی سراہا اور کہا کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں طبی عملے کا کردار انتہائی اہم ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے ہسپتال میں مزید بہتری کے لیے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے ہسپتال کی سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنایا جائے، تاکہ عوام کو علاج معالجے کی بہتر اور معیاری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 25

کی دستیابی اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام صحت مراکز میں بنیادی سہولیات اور ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں صحت کے شعبے سے متعلق مختلف مسائل، تجاویز اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔

بقیہ 26

تباہی مچادی درخت اجڑ کے اکھڑ گئے مکانات کی چھتیں اڑ گئیں اور بجلی کے متعدد کھمبے زمین بوس ہوگئے جس سے بجلی کی فراہمی معطل ہو کر رہ گئی درجنوں کچے مکانات منہدم ہونے کی وجہ سے ایک بچہ دو خواتین سمیت سات افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں جن کو فوری طور پر قریبی ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے بارش کے باعث موسم خوشگوار جبکہ جاری گرمی کا زور ٹوٹ گیا۔

بقیہ 27

انعقاد تسلسل کے ساتھ جاری ہے، تاہم ان کچہریوں کے دوران ضلع برشور کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے اہم اور مناسب فیصلے کیے گئے ہیں، ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے واضح کیا کہ انتظامیہ کے ان فیصلوں کے تحت ضلع بھر میں منشیات کی غیر قانونی کاشت اور فروخت پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے، جبکہ نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے میدان آباد کرنے کا عزم ظاہر کیا گیا ہے، اس کے علاوہ سرکاری املاک و پلاٹوں میں غیر قانونی طور پر رہائش پذیر افراد کے خلاف سخت ایکشن لیتے ہوئے تمام سرکاری آراضی کو فوری واگزار کرانے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں، تاہم ترقیاتی عمل کو موثر اور شفاف بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور رکن اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری اسفندیار خان کاکڑ مقامی قبائلی عمائدین کی مشاورت سے پینے کے صاف پانی، صحت کے مراکز کی بحالی، اسکولوں کی اپ گریڈیشن اور سولر سسٹمز کی تنصیب کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کر رہی ہے، اس موقع پر مقامی قبائلی و سماجی شخصیات نے ڈپٹی کمشنر خالد شمس کے ان تیز رفتار ترقیاتی اقدامات، منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن اور ضلع برشور کے بہتر مستقبل کے لیے کیے گئے فیصلوں پر گہرے اطمینان اور کامل اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ 28

واقعے کے فوراً بعد بس ڈرائیور بس کی چابیاں نکال کر موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی سٹی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور بس اور کلینڈر کو تحویل میں لے کر تھانے منتقل کر دیا۔ تمبو، ڈیرہ اللہ یار اور ڈیرہ مراد جمالی فائرنگ و حادثات چار افراد زخمی قبائلی شخصیت قاتلانہ حملے میں بال بال بچ گئے گاڑی کو نقصان پہنچا پولیس کے مطابق نصیرآباد کے علاقے تمبو خان کوٹ پولیس تھانے کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی شخصیت میر ممتاز علی مینگل بال بال بچ گئے جبکہ گاڑی کو نقصان پہنچا واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے ڈیرہ اللہ یار کی سی چوک میں دو قبائل جمالی اور رند کے درمیان مسلح تصادم ڈنڈوں کے وار سے محمد رمضان جمالی اور انکا ساتھی سلطان راہوجہ زخمی ہوگئے واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے زخمیوں کو لیبر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کر دیا گیا زخمی محمد رمضان کے مطابق لڑائی کے دوران انکا موبائل اور چالیس ہزار روپے نقدی بھی حملہ آور چھینکر اپنے ساتھ لے گئے ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر حسن روڈ پر دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرانے سے دو افراد الیاس جان محمد و دیگر زخمی ہوگئے زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 29

مصطفی قوم چھٹہ کے نام سے ہوتی ہے خضدار، زخمیوں میں دو سگے بھائی اور میاں بیوی شامل ہیں بس ڈرائیور چابیاں لیکر موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس نے بس کو تحویل میں لیکر تفتیش شروع کردی زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے

بقیہ 30

کیا اس موقع پر چیف پلاننگ آفیسر محکمہ صحت بلوچستان نوید احمد ریکسانی، سیکشن آفیسر شئے مرید بلوچ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سمیت متعلقہ حکام نے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کے ہمراہ مجوزہ عمارت کا معائنہ کیا۔ ٹیم نے عمارت کی دستیابی، گنجائش اور دیگر ضروری امور کا جائزہ لیا، جبکہ حکام کے مطابق مجوزہ عمارت نرسنگ کالج کے قیام کے لیے موزوں قرار دی گئی ہے۔ محکمہ صحت کی ٹیم اپنے دورے اور جائزے سے متعلق رپورٹ سیکرٹری صحت بلوچستان کو پیش کرے گی، جس کے بعد نرسنگ کالج کے قیام کے حوالے سے مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ گوادر کے عوام کو صحت کی بنیادی و معیاری سہولیات کی فراہمی اور مقامی نوجوانوں کو صحت کے شعبے میں تعلیم و تربیت کے مواقع فراہم کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں نرسنگ کالج کا قیام نہ صرف مقامی نوجوانوں کے لیے پیشہ ورانہ تعلیم کے نئے مواقع پیدا کرے گا بلکہ مستقبل میں ضلع گوادر اور گردونواح کے طبی مراکز کے لیے مقامی تربیت یافتہ نرسنگ اسٹاف کی دستیابی میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ 31

کو جدید ویٹرنری ہسپتال کے مختلف شعبوں دستیاب

سہولیات اور طبی خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ ویٹرنری ہسپتال نہ صرف ضلع استا محمد بلکہ نصیرآباد ڈویژن اور بلوچستان کے جدید ویٹرنری ہسپتالوں میں نمایاں حیثیت رکھتا ہے، ہسپتال کے قیام سے علاقے کے مالداروں اور مویشی پال حضرات کو اپنے جانوروں کے علاج معالجے کے لیے دور دراز علاقوں کا سفر نہیں کرنا پڑے گا بلکہ انہیں اپنے علاقے کے قریب ہی جدید ویٹرنری طبی سہولیات میسر ہوں گی ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک نے بتایا کہ ہسپتال میں جدید لیبارٹری بھی قائم کی گئی ہے، جہاں جانوروں کے مختلف ٹیسٹ اور بیماریوں کی تشخیص کی سہولت دستیاب ہوگی جبکہ جدید سرجیکل سیکشن بھی قائم کیا گیا ہے جہاں ضرورت کے مطابق جانوروں کے آپریشن اور دیگر جراحی کے علاج کی سہولت فراہم کی جائے گی

بقیہ 32

او ای دشت مہوش نعمت، ڈی ڈی او ای تربت جنت عزیز، ڈی ڈی او ای ہوشاب ماہ پری سربلند، ڈی او ایف سی ایف کیچ شائستہ حاصل، ڈی ایم آر ٹی ایس ایم عبدالحلیم، ایس ڈی اے او کیچ صدام حسین سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران اور ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد نے ضلع کیچ میں قائم تعلیمی اداروں، اسکولوں کی تعداد اور حالیہ مانیٹرنگ سرگرمیوں کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی انہوں نے بتایا کہ ضلع کیچ میں مجموعی طور پر 571 اسکول قائم ہیں جبکہ رواں ماہ کے دوران 259 اسکولوں کے دورے کیے گئے ہیں بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ضلع میں 4 غیر فعال اسکولوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

بقیہ 33

پلانٹ ہے جہاں اعلیٰ معیار اور مقررہ تعمیراتی معیارات کے مطابق ٹف ٹائلز اور پیورز تیار کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں اس نوعیت کے تعمیراتی میٹریل کی مقامی سطح پر تیاری تعمیراتی شعبے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، کیونکہ ماضی میں ٹف ٹائلز اور پیورز سمیت دیگر تعمیراتی میٹریل کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کراچی سے سامان منگوانا پڑتا تھا، جس کے باعث ٹرانسپورٹیشن کے اضافی اخراجات کی وجہ سے میٹریل مہنگا پڑتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مقامی سطح پر ٹف ٹائلز اور پیورز کی دستیابی سے نہ صرف تعمیراتی منصوبوں کی ضروریات پوری کرنے میں آسانی ہوگی بلکہ ٹرانسپورٹیشن کے اخراجات اور وقت کی بھی بچت ہوگی۔

بقیہ 34

عوام کے لیے معاشی مشکلات میں شدید اضافہ کر دیا ہے، مظاہرین کا کہنا تھا کہ روزگار کے اس اہم ذریعے کی بندش کسی صورت قابل قبول نہیں حکومت فوری طور پر معاملے کا نوٹس لے اور ماشکیل گزر پوائنٹ کو کاروبار کے لیے کھول کر مقامی لوگوں کو باعزت روزگار کمانے کا موقع فراہم کرے، تاکہ ہزاروں خاندان اپنے بچوں کا پیٹ پال سکیں اور بنیادی ضروریات پوری کر سکیں۔

بقیہ 35

اور منصوبے سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ شہر میں ٹریفک مینجمنٹ، عدالت والے روڈ کی کلیئرنس، بائی پاس سے مین روڈ تک راستہ کھولنے اور مین بازار میں سڑک کو کشادہ کرنے کے معاملات بھی زیر بحث آئے۔ متعلقہ ایس ایچ او نے کمشنر کو شہر میں ٹریفک کی روانی، سڑکوں پر رکاوٹوں اور تجاوزات سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا۔ کمشنر مجیب الرحمٰن قمبرانی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کے لیے آمدورفت آسان بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے عدالت والے روڈ کو کلیئر کرنے، بائی پاس سے مین روڈ تک راستہ کھولنے اور مین بازار کی سڑک کی کشادگی کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھانے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے کہا کہ ماڈل بازار اور مین بازار کی بہتر منصوبہ بندی سے نہ صرف شہریوں کو سہولت ملے گی بلکہ شہر میں ٹریفک کا نظام بھی بہتر ہوگا۔ شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکمے باہمی رابطے کے ساتھ اقدامات یقینی بنائیں۔

بقیہ 36

جمالی کا شمولیت پروگرام میں خطاب جعفرآباد کی سیاست میں بڑی پیش رفت جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما اور حلقہ این اے 266 کے ٹکٹ ہولڈر سردار محمد رفیق بھٹی مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء اور قائد جعفرآباد سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی کی قیادت میں اپنے دیگر سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ شمولیت اختیار کرلی بھٹی ہاؤس میں ہونے والے شمولیتی اجتماع میں میر غلام رسول لہڑی عطاء اللہ گولہ سمیت معززین قبائلی معتبرین عمائدین و علاقائی ورکرز کی بڑی تعداد شریک ہوئے سردار رفیق بھٹی نے کہا میر فائق خان جمالی کا گھر میرا اپنا گھر ہے اور میرا گھر میر فائق جمالی کا گھر ہے سیاسی اختلاف کے باعث سیاسی راہیں جدا ہوئیں تاہم اب دوبارہ میر فائق خان جمالی کے کاروان میں شامل ہوئے ہیں

بقیہ 37

تعلق رکھنے والی شخصیات اور دیگر نے شرکت کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مائنز انسپکٹر محمد قربان علی عمرانی نے کہا کہ ہمارا اور آپ کا ایک جگہ اکٹھا ہونا اور اس آگاہی واک کا مقصد ایک ہی ہے کہ انسان کی جان بچائی جائے، اور اسی مقصد کیلئے اس آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کے دیگر مائنز علاقوں کی نسبت مچھ میں سب سے کم حادثات رپورٹ ہوئے ہیں، جہاں صرف ایک حادثہ رپورٹ ہوا ہے۔

بقیہ 38

تحقیقات ضرور کرے تاہم کسی فرد واحد کی شکایت یا مبینہ بے ضابطگی کا بوجھ ان بے روزگار نوجوانوں پر نہیں ڈالا جا سکتا جنہوں نے اپنی تعلیم، محنت اور میرٹ کی بنیاد پر بھرتی کا عمل مکمل کیا۔ اگر تقرری کے تمام مراحل مکمل ہو چکے تھے، متعلقہ فورمز کے منٹس موجود تھے اور مجاز اتھارٹی کی جانب سے تقرری کے احکامات جاری کیے گئے تھے تو ان احکامات کو اجتماعی طور پر منسوخ کرنے کا فیصلہ آئین اور قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ مجاز اتھارٹی کی جانب سے جاری کیے گ؟ منٹس کے مطابق اپائنٹمنٹ آرڈرز فوری جاری کیے جائیں۔ چوہدری شبیر بلوچستانی نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان پہلے ہی روزگار کے شدید مسائل سے دوچار ہیں۔

بقیہ 39

بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے ہر بچے کو ویکسین کی ہر خوراک پلانا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام اور پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے اور فیلڈ میں ٹیموں کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔ سیاسی، سماجی اور قبائلی رہنماؤں نے بھی انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلاتے ہوئے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو بروقت پولیو کے قطرے پلوائیں اور معاشرے کو پولیو سے پاک بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 40

دھماکوں اور اور فائرنگ کی آوازوں سے شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ریسکیو 1122 کے ترجمان جواد آفریدی اور اعلیٰ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ میں 15 پولیس اہلکاروں سمیت 21 افراد شہید اور 80 سے زائد زخمی ہوئے ہیں، فورسز کی جوابی کارروائی میں چھ حملہ آور بھی مارے گئے۔ شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں میں ایس پی ٹریفک اکبر شنواری، ڈی ایس پی سٹی ڈی ڈی عصمت اللہ اور ان کے بھائی انسپکٹر نعمت، فرنٹیئر ریزرو پولیس کے سب انسپکٹر اشتیاق کے علاوہ 11 دیگر پولیس اہلکار شامل ہیں۔ شہید ہونے والے عام شہریوں میں اورکزئی سے تعلق رکھنے والے چلڈرن سپیشلسٹ ڈاکٹر اسرائیل، خوشحالی بینک کے منیجر اسحاق علی سکنہ اورکزئی، لقمان اور اس کے دو کمسن بچوں سمیت چھ افراد شامل بتائے جاتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ نے واقعہ میں 17 افراد کے شہید اور 61 کے زخمی ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ کارروائی مکمل ہونے کے بعد حتمی اعداد و شمار جاری کیے جائیں گے۔ ابتدائی جاری کردہ فہرست کے مطابق زخمیوں میں ایس پی ابراہیم اللہ، ایلیٹ فورس کے ڈی ایس پی یوسف، لائن آفیسر رحمت اللہ، سی ٹی ڈی کے سب انسپکٹر صادق رحمن اور ٹریفک انچارج عرب جان سمیت متعدد پولیس اور سپیشل برانچ اہلکار شامل ہیں۔ زخمیوں میں عام شہری بھی شامل ہیں تاہم پولیس اہلکاروں کی تعداد زیادہ ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق کوہاٹ ہنگو روڈ پر پرانی پولیس لائن کے قریب واقع جامع مسجد میں نماز جمعہ کے دوران اچانک ایک زوردار دھماکہ ہوا جس کی آواز شہر کے مختلف علاقوں میں سنی گئی۔

بقیہ 41

دستاویزات کی تصدیقی نظام کی تحقیقات کیلئے تین رکنی انکوائری کمیٹی قائم کر دی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی کے کنوینر سیکرٹری پٹرولیم حامد یعقوب شیخ ہیں جبکہ سیکرٹری قانون راجہ نعیم اکبر اور سپیشل سیکرٹری خزانہ قمر سرور عباسی کمیٹی کے ممبران ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی اپوسٹیل/دستاویزات کی تصدیق کے نظام میں کسی بھی قسم کے غلط استعمال یا بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرے گی،

کوریئر سروسز کے کردار کا جائزہ لے گی اور وزارت خارجہ کے افسران کے ممکنہ ملوث ہونے کا تعین کرے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی نظام میں بہتری کیلئے ضروری اصلاحات بھی تجویز کرے گی، انکوائری کمیٹی اپنی سفارشات اور تحقیقات کے نتائج دو ہفتوں کے اندر پیش کرے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزارت خارجہ کے ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن) کمیٹی کو تمام متعلقہ ریکارڈ اور مواد تک رسائی سمیت مکمل معاونت فراہم کریں گے۔

بقیہ 42

سرگرم فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین کیا اور شمالی وزیرستان اور ہنگو میں کارروائیوں کے دوران دو خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ صدر مملکت نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہید جوانوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں، پاکستان کے بہادر سپوت وطن کے دفاع اور امن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔

بقیہ 43

20** سال پرانی موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چنگ چی رکشوں کو فوری طور پر اسکیم میں شامل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق یکم جنوری 2006 کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکلیں، رکشے اور چنگ چی رکشے وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے تحت رجسٹریشن کے لیے اہل ہوں گے۔ اس فیصلے کے بعد وہ شہری بھی وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم سے فائدہ اٹھا سکیں گے جو 20 سال پرانی موٹر سائیکلیں، رکشے یا چنگ چی رکشے استعمال کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو اسکیم کے دائرہ کار میں توسیع کے لیے ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے، تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد کو فیول ریلیف کی سہولت فراہم کی جا سکے۔

بقیہ 44

نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اور تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی جانب سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے مجموعی زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنا معاشی ٹیم کی دن رات محنت اور درست سمت میں کیے گئے اقدامات کا ثبوت ہے، ترسیلات زر اور خدمات کی برآمدات میں نمایاں بہتری، کرنٹ اکاؤنٹ کی بہتر صورتحال اور مالیاتی نظم و ضبط نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ 45

ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، حرمین شریفین کی حفاظت کیلئے وہاں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سیکیورٹی کے لیے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، یہ دونوں ممالک کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ سعودی عرب کا دفاع کرتے رہیں گے، سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ سعودی عرب کی سالمیت اور حرمین شریفین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان ہر قسم کی قربانی دینے اور کسی جارحیت کی صورت میں بھرپور دفاع کرنے کے عزم پر کاربند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کی حفاظت کے حوالے سے پاکستانی عزم غیر متزلزل ہے۔

بقیہ 46

دہشت گردوں کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، بجکور کے علاقے فتح علی میں کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کیا جبکہ 2 دہشت گردوں کو کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران ہلاک کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود برآمد کر لیا۔ دونوں کارروائیوں میں مجموعی طور پر 7 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا سیکورٹی فورسز کی جانب سے تمپ میں فتنۃ الہندوستان کالعدم تنظیم بی ایل ایف کے زنانہ کپڑوں میں ملبوس دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی جو خواتین کا لباس پہن کر دراندازی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود لے جا رہے تھے جنہیں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے نشانہ بنا کر ان کے قبضے سے ایم مارٹر کے 81 گولے جبکہ ایم ایم مارٹر کے 60 گولے، آر پی جی 7 کے 2 اور یو بی جی ایل ایک عدد، 82 ایم ایم کے 82 راؤنڈ، ایس پی جی کے 9 راؤنڈ، 23 عدد دستی بم، ایم ایم یو بی جی ایل کے 40 راؤنڈ، ایس ایم جی کے راؤنڈ، ایم فور کے راؤنڈ، کوڈ 2 ہزار میٹر، آئی ای ڈی ریموٹ کنٹرول، واکی ٹاکی سیٹ، اور کمانڈر کی تصویر زنانہ اور مردانہ کپڑے برآمد کر لئے سیکورٹی ذرائع کے مطابق برآمد ہونے والا اسلحہ نہتے شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ اور آئی ای ڈیز دھماکوں کے لیے استعمال ہونا تھا، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ کالعدم تنظیمیں ہندوستان کی سپورٹ پر چل رہی ہیں۔ سیکورٹی فورسز کی جانب سے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گے۔

بقیہ 47

انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا۔ فورسز کی مختلف کارروائیوں کے دوران 6 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 6 خوارج ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 6 خوارج ہلاک کر دیے گئے جبکہ ضلع ہنگو میں کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے مزید 4 خوارج کو ہلاک کر دیا۔

بقیہ 48

کرتے ہوئے شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے دعا بھی کی۔ محسن نقوی نے اپنے بیان میں کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری قوم شہدا کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خوارجیوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو کبھی کمزور نہیں کر سکتیں۔

بقیہ 49

سیکورٹی اور متعلقہ اداروں کو سخت اور واضح ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے دوٹوک موقف اپنایا کہ احتجاج کرنا ہر سیاسی جماعت اور شہری کا آئینی حق ہے، لیکن اس حق کے نام پر عام شہریوں کے راستے بند کرنا یا انہیں مشکلات میں ڈالنا قطعی طور پر قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دارالحکومت میں کسی بھی جگہ ٹریفک معطل کرنے یا لوگوں کو روکنے والوں کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیر داخلہ نے خبردار کیا کہ قانون ہاتھ میں لینے عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کا سامنا کرنا ہوگا، انتظامیہ دارالحکومت میں امن و امان کی بحالی اور شہریوں کی بلاتعطل نقل و حرکت کو یقینی بنانے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج سب کا حق ہے لیکن ایسی کوئی صورت نہیں بنتی کہ دارالحکومت یا کسی دوسرے صوبے پر دھاوا بول دیا جائے۔ انہوں نے کہا ہم نے سیکورٹی اداروں کو واضح ہدایات دے دی ہیں کہ کوئی بھی عدالتی حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کوئی بھی نکلنے کی کوشش کرتا ہے۔

بقیہ 50

موومنٹ کی رہنما نسرین جلیل کی جانب سے لکھا گیا ہے، خط کی کاپی وفاقی وزیر خزانہ، آئی ایم ایف سربراہ اور ورلڈ بینک صدر کو بھی ارسال کی گئی ہے۔ وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کی مالی خودمختاری کے معاملے پر ذاتی توجہ دینے کا مطالبہ کیا گیا اور زور دیا گیا ہے کہ مقامی حکومتوں کی مالی ضروریات کیلئے خصوصی انتظامات کیے جائیں۔ خط میں کہا گیا کہ مالی خودمختاری نہ ہونے کے باعث شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، صوبوں کیلئے این ایف سی میں اپنائے گئے مالی مساوات کے اصول مقامی حکومتوں تک بڑھائے جائیں۔ ایم کیو ایم نے خط میں کہا کہ میٹروپولیٹن شہروں کیلئے میٹروپولیٹن سروس برڈن کو بھی این ایف سی کا معیار بنایا جائے۔ نسرین جلیل نے کہا کہ مالی اختیارات کی منتقلی وزیراعلیٰ کے دروازے پر ختم نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 51

فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی انفرا اسٹرکچر بہتر بنا کر کارگو ترسیل مؤثر بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈوئل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت 25 بڑے ریلوے وسڑکوں کے پل اور 6 فلائی اوورز و گریڈ سیپریٹرز تعمیر کیے جائیں گے۔ منصوبے میں

100 فیصد خطی باڑ اور حفاظتی انتظامات کے ساتھ جدید مرکزی خودکار سگنلنگ نظام بھی شامل ہے۔ 1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا۔ بندرگاہوں سے کنٹینرز ریلوے کے ذریعے لاجسٹکس پارک لاکر ٹریلرز سے اپ کنٹری بھیجے جائیں گے۔

بقیہ 52

اسلام آباد میں وفاقی پولیس کے افسران و اہلکاروں کی تمام نوعیت کی چھٹیوں پر پابندی عائد کر دی گئی۔ آئی جی اسلام آباد نے چھٹیوں پر پابندی کا سرکلر جاری کر دیا، اسلام آباد پولیس میں اتفاقی، استحقاقی اور بیرون ملک جانے کی چھٹی پر پابندی ہوگی۔ اسلام آباد پولیس کی چھٹیوں پر پابندی 5 اکتوبر 2026 تک برقرار رہے گی، ہنگامی چھٹی کے علاوہ تمام چھٹیوں پر فوری طور پر پابندی رہے گی۔ چھٹی پر موجود افسران و اہلکاروں کو فوری طور پر ڈیوٹی پر آنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 53

، زین شاہ، مصطفیٰ نواز کھوکھر، زبیر عمر، سینیٹر مشتاق احمد، صاحبزادہ حسن رضا، ساجد ترین، تیمور جھگڑا، اخوانزادہ حسین یوسفزئی اور عمار جان، حامد حسین، ناصر شیرازی، سید اسد عباس، سید ظہیر عباس نقوی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ملکی سیاست، مشرق وسطیٰ میں جاری بحران اور اس کے پاکستان پر اثرات، ناکام حکومتی معاشی پالیسیوں کے نتیجہ میں عوامی استحصال، صوبہ بلوچستان و خیبر پختونخواہ میں ابتر امن و امان کی صورتحال اور مجوزہ ۲۸ ترمیم اور نئے صوبوں کے قیام پر تفصیل سے غور و خوض کیا گیا۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہی اجلاس میں تحریک انصاف کے قائدین نے ۲۷ تاریخ کے احتجاج اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی کے دورہ سندھ اور پنجاب میں عوامی رابطہ مہم کی بابت شرکاء کو بریف کیا۔ اجلاس میں یہ قرار دیا گیا کہ پرامن احتجاج عوام کا اور کسی بھی سیاسی جماعت کا آئینی حق ہے اور اس سے کسی بھی صورت انحراف نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 54

کے زیر اہتمام اربن فلڈنگ سے نمٹنے کے لیے پائیدار اقدامات، وژن 2027: بارشوں اور سیلاب سے آگے کے عنوان سے منعقدہ سیمینار کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ سیمینار میں متعلقہ سرکاری محکموں، ترقیاتی اداروں کے نمائندوں، اربن پلاننگ کے ماہرین، آبی امور کے ماہرین اور دیگر سٹیک ہولڈرز نے شرکت کی تاکہ بار بار پیش آنے والے اربن فلڈنگ (اربن فلڈنگ) اور اس سے بچاؤ کی صلاحیت کو مضبوط بنانے کے ضروری اقدامات پر غور کیا جا سکے۔ شرکا نے اس امر پر روشنی ڈالی کہ اربن فلڈنگ کے مسئلے کو صرف بارشوں کے انتظام کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا بلکہ اس کے لیے ایک جامع حکمت عملی درکار ہے، جس میں نکاسی آب کی استعداد، شہری ترقی، بنیادی ڈھانچے کی دیکھ بھال، برساتی پانی کا انتظام اور ادارہ جاتی ہم آہنگی شامل ہو۔ شرکا نے سال 26-2025 کے دوران پیش آنے والے اربن فلڈنگ کے تجربات، سیلاب کے زیادہ خطرے سے دوچار اور حساس علاقوں، خطرات سے دوچار انفراسٹرکچر اور نکاسی آب کے موجودہ نظام کا تفصیلی جائزہ لیا۔

بقیہ 55

اور پاکستان کے معاشی مستقبل پر اعتماد میں اضافہ کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے جے پی مورگن کی ایمرجنگ اینڈ فرنٹیئر مارکیٹس مواقع کانفرنس میں منعقدہ خصوصی نشست سے خطاب کیا، جس میں پاکستان کی معیشت کو درپیش بیرونی معاشی دباؤ، میکرو اکنامک استحکام اور مستقبل کی معاشی حکمت عملی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر خزانہ نے میکرو اکنامک استحکام کے حصول میں پاکستان کی پیش رفت اور سرمایہ کاری، سرمایہ تشکیل، برآمدات اور نجی شعبے کی قیادت میں ترقی کی جانب حکومت کی ترجیحات پر روشنی ڈالی۔ کانفرنس میں پاکستان کے حوالے سے معروف عالمی ادارہ جاتی سرمایہ کاروں اور بڑے منی مینیجرز کی جانب سے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ مجموعی طور پر 55 عالمی سرمایہ کاری فنڈز نے پاکستانی وفد کے ساتھ متعدد ون آن ون ملاقاتوں اور ایک مکمل سرمایہ کاری سیشن میں شرکت کی۔ سرمایہ کاروں کی بھرپور دلچسپی کے پیش نظر تمام ملاقاتیں ایک ہی روز میں منعقد کی گئیں، جن میں پاکستان کے مستقبل کی معاشی سمت، سرمایہ کاری کے مواقع اور جاری معاشی تبدیلی کے پائیدار رہنے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 56

صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نیپال کے صدر رام چندر پاوڈل کے نام اپنے خط میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور نیپال کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور خیرسگالی پر مبنی دیرینہ اور خوشگوار تعلقات استوار ہیں جنہیں دونوں ممالک کے عوام کے درمیان دوستی کے مضبوط رشتوں سے مزید تقویت ملتی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان نیپال کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے اور اس کے ساتھ دوطرفہ، سارک اور دیگر کثیرالجہتی فورمز پر تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور نیپال کے درمیان دوستانہ تعلقات دونوں ممالک اور ان کے عوام کے باہمی مفاد میں آئندہ برسوں میں مزید گہرے اور وسعت پذیر ہوں گے۔

بقیہ 57

کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز کے 6 شہدا قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے آئی ای ڈی دھماکے میں شہید ہونے والے 6 بہادر سپوتوں کی عظیم قربانیوں کو سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ فورسز کے جوان قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ شہدا کا مقدس لہو قوم کے حوصلے اور جذبہ حب الوطنی کو مزید جلا بخشتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک سے فتنہ و دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فورسز کا یہ جذبہ برقرار رہے گا۔ وفاقی وزیر نے شہدا کے درجات کی بلندی اور غمزدہ خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا

بقیہ 58

سیکورٹی فورسز بہت دلیر اور باہمت ہے، ایک ایس ایچ او حالات ٹھیک کر سکتا ہے، میری اگلی بات یہ تھی کہ میں یہ علامتی طور پر بات کر رہا ہوں لیکن بدنیتی سے میری بات کا اگلا حصہ کاٹ کر صرف ایک بات کو بیان کیا جاتا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے جتنی فکر ان کے خاندان کو ہے اتنی ہی حکومت کو بھی ہے، شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل نہ کرنے کی وجہ کے ساتھ ضلعی انتظامیہ کا جواب عدالت میں داخل کروا دیا گیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ معاملہ عدالت میں ہونے کی وجہ سے زیادہ بات نہیں کروں گا، شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقلی معاملے پر ضلعی انتظامیہ نے جواب عدالت میں داخل کر دیا ہے۔ ادویات کنٹینرز سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے نوٹس سے قبل ہی پولیس نے ادویات کنٹینرز چھوڑ دیے تھے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ کسی کے پاس کنٹینر کے اندر دیکھنے کی صلاحیت نہیں جیسے ہی ڈرائیور نے بتایا کہ ادویات کا کنٹینر ہے تو پولیس نے اسے چھوڑ دیا، میرے نوٹس سے قبل ہی ادویات کے کنٹینرز چھوڑ دیے گئے ہیں۔

بقیہ 59

میں ایشیا و بحرالکاہل کے ممالک کی اعلیٰ عدالتی قیادت نے شرکت کی اور عدلیہ کے بدلتے کردار، نظام انصاف کو درپیش جدید چیلنجز، عدالتی تعلیم اور ٹیکنالوجی کے استعمال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کانفرنس کے موقع پر جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ترکیہ، آذربائیجان، ملائیشیا، سنگاپور اور جنوبی کوریا کی اعلیٰ عدالتی قیادت سے دوطرفہ ملاقاتیں کیں جن میں عدالتی تعاون، ادارہ جاتی تبادلوں، استعداد کار اور جدید عدالتی انتظام کے تجربات کے تبادلے پر گفتگو ہوئی۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے چیف جسٹس فیڈرل کورٹ آف ملائیشیا سے ملاقات میں پاکستان اور ملائیشیا کی عدلیہ کے درمیان عدالتی تبادلوں، ادارہ جاتی سیکھنے اور استعداد کار بڑھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ چیف جسٹس سپریم کورٹ آف سنگاپور سے ملاقات میں پاکستان اور سنگاپور کے درمیان جدید عدالتی انتظام، عدالتی تعلیم اور ٹیکنالوجی پر مبنی نظام انصاف میں تعاون بڑھانے پر گفتگو ہوئی۔

بقیہ 60

کے دوران انجام دیئے گئے امور کار سے متعلق اہم شعبوں، جاری سفارتی مصروفیات اور ان اہم معاملات پر بریفنگ دی جن پر مسلسل توجہ درکار ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ان شعبوں میں تسلسل اور مستقل رفتار کار کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے وزارت کے سینئر افسران کو ہدایت کی کہ وہ قریبی رابطہ کاری برقرار رکھیں، جاری سرگرمیوں اور ترجیحات پر موثر پیروی کو یقینی بنائیں اور پاکستان کے خارجہ پالیسی مقاصد اور قومی مفادات کو آگے بڑھانے پر واضح توجہ کے ساتھ امور کار انجام دیں۔

بقیہ 61

اور اشیائے خورونوش ہیں جو خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور پنجاب حکومت سے مطالبہ ہے کہ تمام گاڑیوں اور کنٹینرز کو چھوڑا جائے۔ کنٹینرز کو کوئی بھی نقصان ہوا تو ذمہ دار وفاقی اور پنجاب حکومت ہوگی۔ آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کے صدر نے کہا کہ سیاسی احتجاج کو روکنے کیلئے حکومت متبادل انتظامات کرے۔

بقیہ 62

نے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو جرات اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی علامت تھے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو آج بھی انصاف، جمہوریت اور عوامی حقوق کے علمبرداروں کے دلوں میں زندہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو خاندان کی قربانیاں پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو، مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو، شہید محترمہ بینظیر بھٹو، شہید میر مرتضیٰ بھٹو اور شہید شاہنواز بھٹو کی یادیں ہماری جدوجہد کا سرمایہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو خاندان نے جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے بے پناہ قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کے یوم پیدائش پر ترقی پسند، جمہوری اور جامع پاکستان کی جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کی تجدید کرتے ہیں۔ سابق وزیراعظم اور صدر پی پی وسطی پنجاب راجہ پرویز اشرف نے میر مرتضیٰ بھٹو کی سالگرہ پر اپنے پیغام میں کہا کہ میر مرتضیٰ بھٹو آمریت کے خلاف جدوجہد کا استعارہ تھے، ان کی قربانی آج بھی جمہوریت پسندوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ جیالے میر مرتضیٰ بھٹو کی 72 ویں سالگرہ پر اپنی جمہوری جدوجہد جاری رکھنے کا عزم کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں بھٹو خاندان سے زیادہ کسی نے قربانی نہیں دی۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ میر مرتضیٰ کے جذبے اور قربانی کو زندہ رکھنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 63

پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز عوام تک بروقت معلومات پہنچانے اور موثر ابلاغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گمراہ کن مواد، پروپیگنڈے اور منفی مہمات کی مؤثر روک تھام ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات اور قومی اہمیت کے امور سے متعلق درست معلومات عوام تک پہنچانے کے لئے ڈیجیٹل ذرائع کا مؤثر استعمال ضروری ہے۔ وزیر آباد پریس کلب کے وفد نے ڈیجیٹل کمیونیکیشن کے شعبے میں وزارت اطلاعات کی سرگرمیوں اور اقدامات کو قابل تحسین قرار دیا۔ وفد کو ڈیجیٹل کمیونیکیشن کے شعبے میں وزارت اطلاعات کی جانب سے اٹھائے گئے مختلف اقدامات اور پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 64

نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے بھی دعا کی اور متعلقہ حکام پر زور دیا کہ زخمیوں کو بہترین ممکنہ طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ مسجد جیسے مقدس مقام پر نمازیوں کو نشانہ بنانا انتہائی بربریت اور انسانیت و اسلام کی تعلیمات کے منافی ہے، دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں اور ان کا کسی بھی مذہب سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم اور سیکورٹی فورسز کا عزم غیر متزلزل ہے، دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے، حکومت اور سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی جدوجہد جاری رہے گی اور دہشت گردوں کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، سوگوار خاندانوں کو صبر و حوصلہ عطا کرے، تمام زخمیوں کو جلد صحت کاملہ دے اور پاکستان کو امن و سلامتی عطا فرمائے۔

بقیہ 65

ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے زخمی افراد کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی فورسز کی جدوجہد اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف قومی جدوجہد میں پوری قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ خالد حسین مگسی نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات ہمارے بہادر پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں کے عزم کو شکست نہیں دے سکتے، قوم امن و استحکام کے لیے سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ 66

نے کہا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 11 ستمبر 2026 کو 21.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ 23، 2022 کے مشکل حالات کے مقابلہ میں زرمبادلہ کی موجودہ سطح میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے جبکہ درآمدات کے لیے دستیاب زرمبادلہ کا کور بھی بحران کے وقت صرف دو ہفتوں سے بڑھ کر اب تین ماہ سے زیادہ ہو گیا ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر میں یہ اضافہ محض ذخائر کی بحالی نہیں بلکہ پاکستان کی بیرونی مالی پوزیشن اور معاشی استحکام میں نمایاں بہتری کی عکاسی کرتا ہے اس سے بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت مضبوط ہوئی ہے اور عالمی معاشی جھٹکوں کا مقابلہ کرنے کی گنجائش میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری ترسیلات زر اور خدمات کی برآمدات میں اضافے، کرنٹ اکاؤنٹ کی بہتر صورتحال اور بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹس تک پاکستان کی دوبارہ رسائی کے ساتھ سامنے آئی ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ 202223 کی شدید بیرونی مالی مشکلات سے نکل کر موجودہ دور میں ریکارڈ زرمبادلہ ذخائر اور تین ماہ سے زائد درآمدی کور تک پہنچنے سے پاکستان کی بیرونی مالی پوزیشن میں ایک بڑی تبدیلی کی عکاسی ہو رہی ہے

بقیہ 67

جمعہ کو عدالت کی جانب سے جاری کردہ 37 صفحات پر مشتمل حکم نامے کے مطابق ایسی سرگرمی جس سے بنیادی حقوق متاثر ہوں وہ آئین کی خلاف ورزی تصور ہو گی۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا کہ اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی، ذمے دار افراد کو قانون کے مطابق قانونی کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ عدالتی حکم نامے کے مطابق کسی بھی سیاسی جماعت کو شاہراہیں اور راستے بند کرنے کا کوئی قانونی حق نہیں، صوبائی حکومتیں اسلام آباد مارچ کے لیے سرکاری وسائل اور فنڈز کا استعمال نہ کریں، سرکاری گاڑیوں اور مشینری کو لانگ مارچ کی سہولت کے لیے استعمال کرنے پر مکمل پابندی ہے۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا کہ غیر قانونی احکامات کی صورت میں سرکاری ملازمین کے لیے فوری ہیلپ لائن قائم کی جائے۔ عدالتی حکم نامے کے مطابق عدالتی احکامات کی خلاف ورزی اور شہریوں کے حقوق متاثر کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، سرکاری عہدہ رکھنے والا اگر آئین و قانون کی خلاف ورزی کرے تو وہ اپنے حلف سے انحراف کا مرتکب ہوگا۔ عدالتی حکم نامے میں لکھا کہ سرکاری عہدیدار کی وجہ سے بنیادی حقوق متاثر ہوئے تو اسے حلف کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا، آئین اور قانون کی خلاف ورزی پر ذمے دار سرکاری افراد کو نتائج کا سامنا کرنا ہوگا۔

بقیہ 68

آبنائے ہرمز کی بندش ایرانی قوم کے انتقام کا پہلا مرحلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی قوم اپنے وجود، شناخت، آزادی اور اعلیٰ اہداف کا دفاع کر رہی ہے۔ محمد باقر ذوالقدر کا مزید کہنا تھا کہ ایرانی قوم نے ارادہ کرلیا ہیکہ جارح دشمن کے دانت توڑ دے، سامراجیوں کو پیچ دے۔

بقیہ 69

رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے اعلیٰ سطح پر مسلسل رابطوں کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت بھی زیر بحث آئی۔

بقیہ 70

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کو آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے ترکیہ کے ساتھ دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور ترجیحی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کے متعلقہ اداروں کو آئندہ مشترکہ کمیشن اور اعلیٰ سطحی اسٹریٹجک تعاون کونسل کے 8ویں اجلاس کی تیاریوں کے لیے قریبی رابطہ کاری کرنا ہوگی تاکہ دوطرفہ ایجنڈے پر مزید پیش رفت ممکن بنائی جا سکے۔ ملاقات میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے اس بات پر زور دیا کہ مسائل کے حل اور

خطے میں پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کے حصول کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی قابل عمل راستہ ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی رابطوں اور ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 71

عملدرآمد پر اوگرا کو خط لکھ دیا۔ او سی اے سی نے کہا کہ مارچ 2026 سے تیل کمپنیوں کے کلیمز زیر التواء ہیں، زیر التواء رقم پٹرول کی 5 درآمدی کارگوز کے برابر ہے۔ او سی اے سی نے کہا کہ زیر التواء کلیمز کا تصدیقی عمل جلد مکمل کر کے واجبات ادا کیے جائیں، تیل کمپنیوں کے مارجن میں ستمبر 2023 میں اضافہ کیا گیا تھا۔ او سی اے سی کے مطابق اگست میں ڈیلرز مارجن میں 1.34 روپے فی لٹر اضافہ کیا گیا ہے، تیل کمپنیوں کے مارجن میں 1.22 روپے فی لٹر اضافے پر عملدرآمد تاحال زیر التواء ہے۔ او سی اے سی نے او ایم سی مارجن میں اضافے پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا اور کہا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیاں شدید مالی دباؤ کا شکار ہیں، خطے کی کشیدہ صورتحال کے باعث سپلائی چین کیمسائل درپیش ہیں۔ او سی اے سی نے کہا کہ آئل انڈسٹری مخدوش مالی صورتحال کے باعث سپلائی چین کی صورتحال خراب ہونے کی ذمہ داری نہیں ہوگی۔ او سی اے سی نے پینڈنگ کلیمز اور او ایم سی مارجن کا مسئلہ فوری حل کرنے کا مطالبہ کیا۔ او سی اے سی نے اوگرا چیئرمین سے ملاقات کرکے معاملہ فوری حل کرنے کی درخواست کی۔

بقیہ 72

کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے 7 دن میں ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 26 روپے 88 پیسے اضافہ ہوا ہے۔ ملک شہزاد نے کہا کہ پچھلے ایک ہفتے میں پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 20 روپے اضافہ کیا گیا۔ دوسری جانب گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھائے جانے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ حکومت نے گزشتہ روز ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 47 پیسے اضافہ کیا ہے جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 424 روپے 92 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔

بقیہ 73

روپے نقد اور ہنڈی حوالہ سے متعلق اہم ڈیجیٹل شواہد برآمد کیے گئے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون کی ہدایات اور ڈپٹی ڈائریکٹر اے سی سی کراچی کی نگرانی میں انکوائری نمبر 85/2026 کے سلسلے میں ٹیم نے صدر کے علاقے میں موبائل مارکیٹ کے قریب کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران محمد علی، اعزاز احمد اور عبدالقدیر کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 32 لاکھ روپے نقد جبکہ ہنڈی حوالہ سے متعلق چیٹس اور ریکارڈ پر مشتمل 3 موبائل فونز برآمد کرکے تحویل میں لے لیے گئے۔ برآمد شدہ رقم اور دیگر شواہد کو ضابطے کے مطابق سیور میمو کے تحت قبضے میں لیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزمان کے خلاف فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ (FERA) کی متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جبکہ برآمد شدہ ڈیجیٹل شواہد کا فرانزک اور تکنیکی تجزیہ بھی کیا جا رہا ہے۔ ایف آئی اے اے سی سی کراچی کی جانب سے معاملے میں ملوث دیگر ممکنہ سہولت کاروں اور ہنڈی حوالہ نیٹ ورک سے وابستہ عناصر کا سراغ لگانے کے لیے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 74

میں براڈ کاسٹنگ کارپوریشن ترمیمی بل 2025 پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کمیٹی نے وزارت اطلاعات اور سینیٹر پرویز رشید کی مخالفت کے باوجود بل کو کثرت رائے سے منظور کر لیا۔ بل کے محرک سینیٹر عبدالقادر نے کہا کہ کچھ سرکاری ادارے مسلسل نقصان میں چل رہے ہیں اور ان کی کارکردگی اطمینان بخش نہیں۔ انہوں نے ارکان پارلیمنٹ کی اہم اداروں کے بورڈز میں نمائندگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ سے ایک ایک رکن سرکاری ملکیتی اداروں کے بورڈ میں ہونا چاہیے، جنہیں سپیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین سینیٹ نامزد کریں۔ انہوں نے بتایا کہ پی ٹی وی اور ریڈیو بھی ایس او ایز کی فہرست میں شامل ہیں۔ سینیٹر عبدالقادر نے کہا کہ پارلیمنٹ اور قائمہ کمیٹیاں غیر موثر فورم بن چکی ہیں، تیس تیس سال کی ناکامیوں کا خاتمہ ضروری ہے۔ بلوچستان میں تیس سال سے امن وامان کا بہانہ بنا کر تیل اور گیس نہیں نکالی جا رہی۔ پی ایس او چار ہزار ارب روپے کا کاروبار کرتا ہے مگر منافع صرف ایک فیصد ظاہر کرتا ہے۔ بورڈ ممبر بننے سے بہتر نگرانی ممکن ہوگی جبکہ ایم این اے یا سینیٹر کی حیثیت برقرار رہے گی۔ سینیٹر سرمد علی نے کہا کہ تمام ایس او ایز کے لیے ایک ہی بل ہونا چاہیے اور ایس او ایز ایکٹ میں ترمیم کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تین سال سے پی ٹی وی اور ریڈیو کے بورڈز ایڈہاک بنیادوں پر چل رہے ہیں مگر آزادانہ طور پر کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 75

منصوبوں کی منظوری دیتے ہوئے پنڈی بھٹیاں تا فیصل آباد (ایم فور) کو 4 سے 6 لین کرنے کا منصوبہ ہر صورت 15 دسمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت جاری کردی۔ یہ ہدایت وفاقی وزیر مواصلات کی زیر صدارت این ایچ اے کے اجلاس میں کی گئی۔ اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ وفاقی وزیر مواصلات نے بتایا کہ لودھراں ملتان ایکسپریس وے پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے جبکہ جی ٹی روڈ (این 5) لالہ موسیٰ بائی پاس کا ابتدائی کام شروع کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دریائے ستلج پر بابا فرید پل کی بحالی پر جلد کام شروع ہوگا اور جنوبی پنجاب میں لیہ اور تونسہ پلوں کو قومی شاہراہوں سے جوڑا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ این 5 پھول نگر انٹرچینج کی معیاری تعمیر یقینی بنائی جائے اور مری اسلام آباد ایکسپریس وے کو ماڈل بنا کر تمام نئی شاہراہوں پر جدید لائٹس، معیاری ریسٹ ایریاز اور پیدل چلنے والوں کے لیے محفوظ گزرگاہیں تعمیر کی جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سرکاری فنڈز کے ایک ایک پیسے کا حساب رکھا جائے گا اور ضیاع برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تعمیراتی کاموں کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ ڈی آئی جی موٹرویز ذمہ دار ہوں گے۔ چیئرمین این ایچ اے کو تمام تفویض کردہ ٹاسکس پر جلد تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 76

مجرم علی رضا کی نظر ثانی اپیل مسترد کرتے ہوئے 7 صفحات پر مشتمل اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ سپریم کورٹ نے فیصلہ مجرم علی رضا کی اپیل مسترد کی اور ٹرائل و ہائیکورٹ کی جانب سے سزا کے فیصلے کو برقرار رکھا۔ 7 صفحات پر مشتمل فیصلے میں لکھا گیا کہ مجرم علی رضا پر 2012 میں دادو میں ایک قتل کا الزام تھا، قتل کیس کا معلوم ہونے کے باوجود پولیس نے تین دن کی تاخیر سے مقدمہ درج کیا تھا۔ تحریری فیصلے میں لکھا گیا کہ ٹرائل کورٹ نے مجرم کو عمر قید ایک لاکھ جرمانے کی سزا سنائی تھی جس کے خلاف علی رضا نے ہائیکورٹ میں نظر ثانی اپیل دائر کی تاہم کورٹ نے سزا کو برقرار رکھا تھا۔ سپریم کورٹ نے قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملتے ہی فوری مقدمہ درج کرنے کا حکم دیتے ہوئے فیصلے میں لکھا کہ اندراج مقدمہ کی تاخیر میں ملوث اہلکاروں کی خلاف کارروائی کی جاسکتی ہے۔ تحریری فیصلے میں لکھا گیا کہ مقدمہ اندراج میں تاخیر پر ٹرائل کورٹ نوٹس لے کر اس قانونی کارروائی کرسکتی ہے جبکہ مقدمہ درج ہونے میں تاخیر ثابت ہونے پر معاملہ محکمانہ کارروائی کیلئے آئی جی کو بھی بھیجا جاسکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے فیصلے میں لکھا کہ اندراج مقدمہ میں تاخیر کو صرف بے قاعدگی کے طور نہیں دیکھنا چاہیے۔

بقیہ 77

متحدہ عرب امارات جانے والے دو مسافروں، میاں بیوی، کے سامان کو مشکوک قرار دیا۔ دونوں مسافر فلائی دبئی کی پرواز FZ-330 کے ذریعے دبئی روانہ ہونے والے تھے۔ اسکریننگ کے دوران مشکوک قرار دیے جانے والے سامان کو تفصیلی جانچ کے لیے منتقل کیا گیا۔ دوران تلاشی کسٹمز حکام نے لکڑی کے دو زیورات کے ڈبے برآمد کیے، جن میں منشیات چھپانے کے لیے خصوصی طور پر خفیہ خانے بنائے گئے تھے۔ مزید جانچ کے نتیجے میں ہر ڈبے سے تقریباً 290 گرام (مجموعی وزن) چرس برآمد ہوئی، جس سے برآمد شدہ چرس کی کل مقدار تقریباً 580 گرام (مجموعی وزن) بنتی ہے۔ برآمد شدہ منشیات کی مالیت تقریباً 20 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔ برآمد شدہ منشیات کو قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت قبضے میں لے لیا گیا ہے، جبکہ ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کی قابل اطلاق دفعات کے تحت ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے۔ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے تاکہ اسمگلنگ کی کوشش کے مکمل حالات کا تعین کیا جا سکے اور اس میں ملوث دیگر ممکنہ افراد کا سراغ لگایا جا سکے۔ پاکستان کسٹمز رسک بیسڈ پروفائلنگ، جدید سامان اسکریننگ اور ہدفی جانچ کے مؤثر نظام کے ذریعے بین الاقوامی آمد و روانگی کے مقامات پر انسداد اسمگلنگ اقدامات کو مزید مضبوط بنا رہا ہے۔ محکمہ منشیات اور دیگر ممنوعہ و محدود اشیاء کی اسمگلنگ کی روک تھام اور پاکستان کے معاشی و قومی مفادات کے تحفظ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی صوبائی وزیر داخلہ ضیاء لانگو، سی ای او نادر گل بڑیچ پی پی اے ایف اور سی او او، سی وی ای کے زیر اہتمام سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے اعلیٰ سطحی اجلاس سے، خطاب کر رہے ہیں

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی زیر صدارت سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کا اہم اجلاس

خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد، قتل کے مقدمات، فوجداری تحقیقات سے متعلق متعدد اہم کیسز کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کا اہم اجلاس چیئر پرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں جانی نقصان، خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد، قتل کے مقدمات، فوجداری تحقیقات اور ادارہ جاتی جوابدہی سے متعلق متعدد اہم کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مختلف اہم کیسز پر تفصیلی روشنی ڈالی اور اس امر پر زور دیا کہ انسانی حقوق سے متعلق معاملات میں شفاف، غیر جانب دار اور شواہد پر مبنی تحقیقات کو یقینی بنایا جانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر کیس میں حقائق تک مکمل رسائی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے گرین بس سروس کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی پوری امت مسلمہ کیلئے ریڈ لائن ہے، علی حسن زہری

حرم پاک کی حرمت سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جاسکتی، مکہ مکرمہ پر حملے کی کوشش ناقابلِ معافی اور ناقابلِ برداشت جرم ہے

اللہ تعالیٰ حرمین شریفین کو ہمیشہ امن و سلامتی کا گہوارہ رکھے اور پوری امت مسلمہ کو اتحاد، اتفاق اور بصیرت عطا فرمائے، سینئر صوبائی نائب صدر پی پی بلوچستان

کوئٹہ/اسلام آباد (پ ر) سینئر مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے مکہ مکرمہ پر جانب ڈرون حملے کی مبینہ کوشش کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ جیسے مقدس ترین شہر کو نشانہ بنانے کی کوشش صرف سعودی عرب پر حملہ نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کے دل پر حملہ اور مسلمانوں کے جذبات سے کھلی دشمنی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ شہر ہے جس کی طرف دنیا بھر کے مسلمان نماز کے لیے رخ کرتے ہیں، جہاں خانہ کعبہ موجود ہے اور جہاں حرم پاک کی حرمت ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے۔ اس مقدس سرزمین کی طرف اٹھنے والا کوئی بھی جارحانہ قدم پوری امت (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

دہشت گردی کے خلاف اجتماعی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا، سردار عبدالرحمن کھیتران

عبادت گاہ میں معصوم افراد اور فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) سردار عبدالرحمن کھیتران نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن مسجد میں پیش آنے والے دھماکے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے پولیس اہلکار کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ عبادت گاہ میں معصوم افراد اور فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے۔ دہشت گردی کی ایسی کارروائیاں امن کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکار کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

سرکاری یونیورسٹیوں کو مستقبل میں افرادی قوت تیار کرنے کیلئے سرمایہ کاری کرنا ہوگی، جعفر خان مندوخیل

ژوب میں وویمن یونیورسٹی کے کیمپس کا قیام پورے ڈویژن کی ہزاروں طالبات کیلئے اعلیٰ تعلیم کے نئے مواقع پیدا کریگا، گورنر بلوچستان شیخ

آرٹیفیشل انٹیلیجنس محض ایک نیا مضمون نہیں بلکہ صنعت، تعلیم، صحت، زراعت، فنانس اور گورننس سمیت تقریباً ہر شعبہ میں تبدیلی کا ذریعہ بن رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ چیزوں کی فیوچر ویلیو اور انٹرنیشنل رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے وویمن یونیورسٹی میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس، میڈیکل لیب ٹیکنالوجی، ہیومن نیوٹریشن اینڈ ڈائٹری سمیت جدید اور مارکیٹ ڈریون مضامین متعارف کرائے جا رہے ہیں جن سے طالبات کو جدید سائنسی علوم اور ٹیکنالوجیکل مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ مقامی سطح کے ساتھ ساتھ قومی اور عالمی روزگار کی مارکیٹ میں بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ضلع ژوب میں وویمن یونیورسٹی کے کیمپس کا قیام پورے ڈویژن کی ہزاروں طالبات کیلئے اعلیٰ تعلیم کے نئے مواقع پیدا کریگا۔ دوردراز علاقوں سے تعلق رکھنے والی بہت سی باصلاحیت طالبات (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

دہشتگردی کے خاتمے کے لیے قومی اتحاد و اتفاق ناگزیر ہے، گورنر بلوچستان

کوہاٹ پولیس لائن دھماکہ، گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل کا شہدا اور زخمیوں پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن میں ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت اور وحشت پر مبنی ذہنیت کا خاتمہ ناگزیر ہو چکا ہے۔ اس مقصد کیلئے ہمیں قومی اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ مشترکہ کوششوں سے ہم دہشتگردوں اور تخریب کاروں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کوہاٹ دھماکے میں شہداء کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی اور سوگوار خاندانوں کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے اے جی آفس کا ملازم جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے اے جی آفس کا ملازم جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں پائیدار ترقی اور عوامی فلاح کے لیے تعاون کا فروغ ضروری ہے، اورنگزیب کچھی

مشترکہ کاوشیں صوبے میں مثبت، دیرپا اور پائیدار اقدامات کے لیے اہم کردار ادا کرسکتی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلینس محکمہ داخلہ بلوچستان اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کے اشتراک سے کوئٹہ کے ایک مقامی ہوٹل میں ایک اہم راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب کچھی تھے، جبکہ حکومت بلوچستان کے مختلف محکموں کے افسران، متعلقہ اداروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں بلوچستان کو درپیش مختلف اہم امور، باہمی تعاون، اداروں کے درمیان روابط، (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

آج کا دور جدید ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا کا دور ہے، عبدالباری شہزاد

جمعیت کے نوجوان کارکنوں کو بھی جدید تقاضوں کے مطابق اپنی ابلاغی صلاحیتوں کو منظم اور مؤثر بنانا ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ڈیجیٹل میڈیا ٹیم کا اجلاس ضلعی کوآرڈینیٹر عبدالباری شہزاد کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ساتھیوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں مفتی رشید احمد اور دیگر کوآرڈینیٹرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی ترجمان عبدالغنی شہزاد نے کہا کہ آج کا دور جدید ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا کا دور ہے، اس لیے جمعیت علماء اسلام کے نوجوان کارکنوں کو بھی جدید تقاضوں کے مطابق اپنی ابلاغی صلاحیتوں کو منظم اور مؤثر بنانا ہوگا۔ ڈیجیٹل میڈیا محض پوسٹ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں پٹرول پمپ کی دیوار کے ساتھ نصب ٹائم بم دھماکے سے پھٹ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر ارسلان سی این جی اسٹیشن کی دیوار کے ساتھ نصب ٹائم بم (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری خواتین اور بچوں کیخلاف تشدد، قتل کے مقدمات، فوجداری تحقیقات اور ادارہ جاتی جوابدہی سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کا کوہاٹ خودکش دھماکہ پر شدید اظہار مذمت

کوہاٹ مسجد دھماکہ انسانیت کے دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی، دہشت گردوں کا انجام قریب ہے

اسلام آباد/کوئٹہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کوہاٹ پولیس لائنز کے قریب مسجد میں نماز جمعہ کے دوران ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عبادت کے لیے جمع ہونے والے بے گناہ نمازیوں، پولیس اہلکاروں اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت کے دشمنوں کی انتہائی بزدلانہ اور سفاکانہ کارروائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسجد جیسی مقدس عبادت گاہ میں خون کی ہولی کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ایسے درندہ صفت دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ہر صورت قانون کے شکنجے میں لایا جائے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

عبادت کے دوران نمازیوں کو نشانہ بنانا انتہائی سنگین دہشت گردی ہے، پشتونخوا نیپ

بدامنی اب کسی ایک ضلع یا علاقے کا مسئلہ نہیں رہی بلکہ پورا خطہ ایک سنگین سیکورٹی بحران سے دوچار ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کوہاٹ پولیس لائن کے قریب مسجد میں نماز جمعہ کے دوران ہونے والے ہولناک دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور درجنوں افراد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی نے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حملے میں 16 افراد، جن میں پولیس اہلکار بھی شامل ہیں، جاں بحق جبکہ 50 سے زائد افراد (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی ہی ہماری سب سے بڑی قوت ہے، ظہور بلیدی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن مسجد میں ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکار کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں ظہور بلیدی نے کہا کہ عبادت گاہ میں معصوم افراد اور فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے۔ دہشت گردی کی ایسی کارروائیاں امن دشمن عناصر کی بزدلانہ سوچ کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ گرین بس سروس کو مرحلہ وار ڈیجیٹلائز کرنے کا فیصلہ

الیکٹرانک ٹکٹنگ اور کارڈ سسٹم متعارف کرانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ گرین بس سروس میں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، ڈیجیٹلائزیشن، بزنس پلان، مانیٹرنگ اور دیگر امور کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نعمت اللہ ترین، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، محکمہ ٹرانسپورٹ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور دیگر کنسلٹنٹ فرم سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو کوئٹہ گرین بس سروس میں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، بزنس (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

بلوچستان پولیس میں احتسابی نظام مضبوط بنانے کے لیے جامع ایس او پی جاری، IAB کو بااختیار بنانے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کے لیے انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) کو مضبوط بنانے کی خاطر جامع ایس او پی جاری کردی ہے۔ ایس او پی کے تحت IAB کو ایک بااختیار اور فیصلہ کن احتسابی فورم کے طور پر فعال کیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی IAB صوبہ بھر سے موصولہ شکایات کا روزانہ جائزہ لیں گے۔ ریجنل ایس پیز ایس آئی اور اس سے اوپر کے افسران کے خلاف کرپشن انکوائریاں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں صوبائی وزیر کے سی این جی کے قریب تخریب کاری کی کوشش

دھماکے سے سی این جی کی دیوار کو جزوی نقصان پہنچا، تخریب کاروں کیخلاف کارروائی شروع

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی میں صوبائی وزیر کے سی این جی کے قریب تخریب کاری کی کوشش دھماکے سے سی این جی کی دیوار کو جزوی نقصان تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم تخریب کاروں نے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کے ارسلان سی این جی کی دیوار کے ساتھ ٹائم بم نصب کر کے دھماکہ کیا جس سے سی این جی کی دیوار کو جزوی نقصان پہنچا اور دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی اور علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا دھماکے کی اطلاع پر سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کر کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

حرمین شریفین پوری امت مسلمہ کے ایمان و عقیدت کا مرکز ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

مکہ مکرمہ کی حرمت کسی ریاست یا حکومت کی عطا کردہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حرمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ کی حرمت کسی ریاست یا حکومت کی عطا کردہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حرمت ہے جس کی پاسداری پوری امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی اعتبار سے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

ملاوٹی دودھ و دہی کے خلاف بی ایف اے کی کارروائیاں، 16 یونٹس پر جرمانے، 2 سیل

16 ہزار 150 لیٹر دودھ کی جانچ، 570 لیٹر ملاوٹی دودھ اور 200 کلو ناقص دہی تلف

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر ملاوٹی اور غیر صحت بخش دودھ دہی کی فراہمی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم تیسرے روز بھی بھرپور انداز میں جاری رہی۔ بی ایف اے کی مختلف انسپیکشن ٹیموں نے کوئٹہ کے متعدد علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد دودھ کی دکانوں، دودھ بردار گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور گھروں میں قائم دودھ کے یونٹس کی خصوصی چیکنگ کی۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کارروائیوں کے دوران رئیسانی روڈ، طوغی روڈ، علمدار روڈ، جان محمد روڈ، سی پیک روڈ اور نواں کلی بائی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ 21 ستمبر سے انسداد پولیو مہم، 4 لاکھ 41 ہزار بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت 21 ستمبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے ریڈینس میٹنگ منعقد ہوئی۔ اجلاس میں نیشنل ای او سی ممبر، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر پولیو، متعلقہ افسران اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیو مہم کے پلان، ٹیموں کی تعیناتی، سیکورٹی انتظامات اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ حکام نے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

کوہاٹ مسجد میں دھماکہ نمازیوں کی شہادت اسلام و پاکستان دشمن عناصر کی کارستانی ہے، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ

کوئٹہ (آن لائن) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے بیان میں کہا گیا ہے کہ کوہاٹ مسجد میں دھماکہ نمازیوں کی شہادت اسلام و پاکستان دشمن عناصر کی کارستانی ہے جس کی پرزور مذمت کرتے ہیں حکومت زخمیوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی اعلیٰ اللہ مقامہ کی تعلیمات اور درس عمل پر چلتے ہوئے سربراہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ: بلوچستان کو درپیش امور، سماجی ترقی اور عوامی فلاح پر راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کا انعقاد

حکومت، اداروں اور سول سوسائٹی کے موثر رابطے سے پائیدار ترقی ممکن ہے، راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شرکا کا اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلینس محکمہ داخلہ بلوچستان اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کے اشتراک سے کوئٹہ کے ایک مقامی ہوٹل میں ایک اہم راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب کچھی تھے، جبکہ حکومت بلوچستان کے مختلف محکموں کے افسران، متعلقہ اداروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں بلوچستان کو درپیش مختلف اہم امور، باہمی تعاون، اداروں کے درمیان روابط، (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں اعلیٰ افسران کے تبادلے و تعیناتیاں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی بیوروکریسی میں [illegible] (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں کنٹریکچوئل ایگزیکیوشن و کنسلٹنسی سروسز کی ڈیجیٹل اصلاحات کا جائزہ

محصولات میں اضافے اور ٹیکس تعمیل کے لیے ڈیجیٹل آڈٹس، نئی رجسٹریشنز اور فیلڈ مانیٹرنگ کو مؤثر بنانے کی ہدایت

[illegible] (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

رکن صوبائی اسمبلی کا محکمہ صحت کی ٹیم کا مجوزہ عمارت کا دورہ، مختلف پہلوؤں کا جائزہ

مجوزہ عمارت نرسنگ کالج کے لیے موزوں قرار، مقامی نوجوانوں کو طبی تعلیم کے مواقع ملیں گے، مولانا ہدایت الرحمن بلوچ

[illegible] (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

نماز جمعہ کے وقت مسجد میں معصوم نمازیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، جمعیت کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ [illegible] (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

[illegible] میر سلمان کرد کی شمولیت کے موقع پر [illegible] گروپ فوٹو

مریضوں کو وقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں عملے کا انتہائی اہم کردار ہے، بخت محمد کاکڑ

صوبائی وزیر صحت کا شہید بینظیر بھٹو جنرل ہسپتال کا دورہ، رینوویشن کے کاموں کا معائنہ، بلوچستان کے پہلے فلٹر کلینک کا افتتاح کیا

ہسپتال کی بہتری اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات قابلِ تحسین ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کے تحت شہید محترمہ بینظیر بھٹو ہسپتال کوئٹہ میں مختلف رینوویشن کے کام مکمل کیے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے آج ہسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مکمل کیے گئے ان مختلف رینوویشن کے کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر بلوچستان میں پہلے فلٹر کلینک کا بھی افتتاح کر دیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات اور وارڈز کا دورہ کیا اور وہاں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات اور طبی خدمات کے بارے میں ان کی رائے معلوم کی۔ صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

حکومت [illegible] کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، فیصل جمالی

صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کوٹ نور محمد جمالی میں نئی تعمیر کردہ جدید ویٹرنری ہسپتال کا افتتاح کر دیا

ہسپتال میں موجود جدید سہولیات کو فعال رکھا جائے اور عوام و مالداروں کو بہترین طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

اوستہ محمد (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کوٹ نور محمد جمالی میں نئی تعمیر کردہ جدید ویٹرنری ہسپتال کا افتتاح کر دیا تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے آج ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کے ہمراہ کوٹ نور محمد جمالی میں نئی تعمیر کردہ اور جدید سہولیات سے آراستہ ویٹرنری ہسپتال کا باقاعدہ افتتاح کیا افتتاحی تقریب میں سردارزادہ جاوید خان بلیدی، ایس پی استا محمد حافظ معاذ الرحمن، تمام ضلعی محکموں کے سربراہان، لائیو اسٹاک محکمہ کے افسران، علاقے کے معزز عمائدین صحافی برادری اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر رب نواز نے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، سینیٹر مشاہد حسین سید سے میر عبدالشکور مری، سینئر صحافی شہزادہ ذوالفقار احمد زئی، عبدالماجد بگٹی اور دیگر کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ماشکیل گزر بارڈر کی بندش کے خلاف تیل کے کاروبار سے منسلک گاڑی مالکان کا احتجاجی دھرنا

واشک (این این ائی) ماشکیل گزر بارڈر کی بندش کے خلاف تیل کے کاروبار سے منسلک گاڑی مالکان نے پریس کلب واشک کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اٹھار کھے تھے جن پر بارڈر کی بندش اور واشک کے عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کرنے کے خلاف نعرے درج تھے اس موقع پر ظہور احمد الہ زئی، زاہد بادینی، عبدالشکور الہ زئی، سدیر اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماشکیل گزر بارڈر محض ایک سرحدی گزرگاہ نہیں بلکہ ہزاروں لوگوں کے روزگار اور ان کے بچوں کے مستقبل کا واحد سہارا ہے، بارڈر سے وابستہ کئی خاندان اسی کاروبار کے ذریعے اپنے بچوں کی تعلیم علاج اور دو وقت کی روٹی کا بندوبست کرتے ہیں، لیکن طویل بندش نے غریب (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

کیچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس، 571 اسکولوں کی مانیٹرنگ سرگرمیوں کا جائزہ

اسکولوں میں پانی، بجلی اور واش رومز سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ضلع کیچ کے تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، اسکولوں کی مانیٹرنگ، بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی کارکردگی اور تعلیمی معیار میں بہتری کے حوالے سے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، ڈی او اصغر علی، ڈی ڈی او ای ممتاز علی، اے ڈی او ای دشت نبی بخش، ڈی ڈی او ای ہوشاب عبیداللہ، ڈی ڈی او ای تربت محمد نعیم، ڈی پی ایم یونیسیف فیض الرحمن، ڈی ڈی (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر ساگر کمار کی زیرِ صدارت ضلعی ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس، صحت مراکز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار کی زیرِ صدارت ضلعی ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر مسلم باغ ماجد سلیم، ڈی ایچ او وحید الرحمن کاکڑ، پی پی ایچ آئی ڈی ایس ایم سہیل الاسلام، پاپولیشن آفیسر حبیب اللہ جوگیزئی اور وسیم کاکڑ سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کے مختلف علاقوں میں صحت عامہ کی صورتحال، بنیادی مراکزِ صحت کی کارکردگی، طبی سہولیات، ادویات (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، یوتھ پبلک اکاؤنٹیبلٹی فورم کے ممبران میر بہرام بلوچ، میر بہرام لہڑی، زہرہ حسن اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محکمہ جنگلات کے متاثرہ نوجوانوں کے ساتھ ناانصافی ناقابلِ قبول ہے، چوہدری شبیر

انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے متاثرہ نوجوانوں کے تقرری احکامات بحال کیے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر بلوچستانی نے کہا کہ محکمہ جنگلات کے متاثرہ نوجوانوں کے ساتھ ناانصافی ناقابل قبول، منسوخ شدہ تقرریاں فوری بحال کی جائیں انہوں نے محکمہ جنگلات بلوچستان میں بھرتیوں کے عمل کی منسوخی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان نوجوانوں کے ساتھ کسی صورت ناانصافی نہیں ہونی چاہیے جنہوں نے مقررہ طریقہ ؟ کار کے تحت ٹیسٹ اور انٹرویوز دیے، بھرتی کے مراحل مکمل کیے اور جن کے تقرری کے احکامات جاری کیے جا چکے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

مچھ: کوئلہ کانوں میں حادثات کی روک تھام کیلئے مائنز آفس سے آگاہی ریلی

مچھ (آن لائن) مچھ کوئلہ کانوں میں حادثات کی روک تھام اور کان کنوں کی زندگیوں کے تحفظ کیلئے مائنز آفس مچھ سے مائنز انسپکٹر مچھ قربان علی عمرانی کی قیادت میں آگاہی ریلی نکالی گئی، جو مچھ کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب مچھ پہنچی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھار کھے تھے، جن پر مائنز حادثات سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے مختلف نعرے درج تھے آگاہی ریلی میں مختلف کول مائنز کے مزدور، مالکان، منیجرز، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے عہدیداران، مختلف طبقہ فکر سے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

ڈی جی جی ڈی اے کا گوادر میں ٹف ٹائلز اور پیورز کے پہلے مقامی پلانٹ کا دورہ

مقامی تعمیراتی میٹریل کی تیاری سے وقت اور ٹرانسپورٹ اخراجات کی بچت ہوگی، ڈی جی جی ڈی اے

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے گوادر میں ٹف ٹائلز اور پیورز تیار کرنے والے مقامی پلانٹ کا دورہ کیا، جہاں پلانٹ کے مالک اور معروف کنٹریکٹر حاجی شریف زیمل نے انہیں پلانٹ کے مختلف حصوں، پیداواری صلاحیت اور تیار کیے جانے والے تعمیراتی میٹریلز کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز نادر بلوچ اور دیگر متعلقہ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ حاجی شریف زیمل نے ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کو بتایا کہ یہ پلانٹ گوادر کا پہلا اور واحد مقامی (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

برشور میں ترقیاتی منصوبوں کے تسلسل، منشیات و تجاوزات کے خلاف سخت اقدامات کا فیصلہ

صاف پانی، صحت مراکز، اسکولوں کی اپ گریڈیشن اور سولر سسٹمز ترجیحات میں شامل ہے، ڈپٹی کمشنر

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ضلع برشور کے قبائلی و سیاسی عمائدین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئے قائم شدہ ضلع کی انتظامی و معاشی بہتری اور پائیدار ترقی کے لیے انقلابی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے تحت ضلع بھر میں ترقیاتی منصوبوں کے تسلسل کے ساتھ منشیات اور تجاوزات کے خلاف بھی سخت فیصلوں کی منظوری دے دی گئی ہے، جبکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر "بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو" (BSDI) کے تحت عوامی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے کھلی کچہریوں کا (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

تمبو بابا کوٹ فتح آباد و دیگر علاقوں میں طوفانی آندھی کے ساتھ موسلادھار بارش نشیبی علاقے زیرآب آگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو بابا کوٹ فتح آباد و دیگر علاقوں میں طوفانی آندھی کے ساتھ موسلادھار بارش نشیبی علاقے زیرآب درجنوں کچے مکانات منہدم درخت جڑ سے اکھڑ گئے بجلی کے کھمبے گرنے سے بجلی کا نظام معطل جبکہ متعدد سولر پلانٹ بھی تباہ ایک بچے دو خواتین سمیت سات افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق نصیرآباد کے علاقوں تمبو بابا کوٹ فتح آباد و دیگر علاقوں میں جمعہ کے روز طوفانی آندھی کے ساتھ شدید موسلادھار بارش کے باعث نشیبی علاقے زیرآب آ گئے طوفانی آندھی نے بڑے پیمانے پر (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

رکھنی: ماڈل بازار اور مین بازار منصوبوں کا جائزہ، ٹریفک روانی اور سڑکوں کی کشادگی پر اہم فیصلے

عدالت روڈ کلیئر کرنے، بائی پاس سے مین روڈ تک راستہ کھولنے اور بازار کی سڑک کشادہ کرنے کی ہدایت

بارکھان/رکھنی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر، کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمن قمبرانی کی زیر صدارت ماڈل بازار اور مین بازار کے منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تعمیراتی کام کی پیش رفت، ٹریفک کی روانی اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پراجیکٹ ڈائریکٹر بارکھان تا رکھنی روڈ محمد ظفر کھوسہ، ایس ای سی اینڈ ڈبلیو محمد رزاق، ایکسین بی اینڈ آر فضل محمد زرکون، انجینئر عبدالرحمن کھیتران، اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ماڈل بازار کے تعمیراتی کام کو مقررہ تقاضوں کے مطابق آگے بڑھانے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر)

خضدار میں انسدادِ پولیو مہم کا آغاز، 90 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر

پانچ سال سے کم عمر کوئی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت

خضدار (خ ن) خضدار میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا۔ ضلع خضدار میں اس مہم کے دوران 90 ہزار سے زائد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لیے پولیو ٹیمیں ضلع کے مختلف علاقوں میں گھر گھر جا کر بچوں کو ویکسین پلائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، میر فائق جمالی

جھوٹ فریب اور دھوکہ دہی کی سیاست مزید نہیں چل سکتی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد مسلم لیگ (ن) نے جماعت اسلامی کی بڑی وکٹ اڑا دی جماعت اسلامی کے حلقے این اے 266 کے ٹکٹ ہولڈر سردار رفیق بھٹی اپنے سینکڑوں افراد کے ہمراہ میر فائق خان جمالی کے کاروان میں شمولیت اختیار کر لی گئی حادثاتی طور پر اقتدار میں آنے والے مداری نے ڈیرہ اللہ یار کے عوام کو پیاسہ مار دیا انکی نااہلی کی وجہ سے پورا جعفرآباد کربلا بنا ہوا ہے جھوٹ فریب کی سیاست مزید نہیں چل سکتی عوام کے پہلے بھی خادم تھے اور اب بھی خادم کی حیثیت سے خدمت کا عمل جاری رکھینگے میر فائق خان (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

گھوڑا چوک پر مسافر بس کی دو موٹر سائیکلوں کو ٹکر ایک شخص جاں بحق تین زخمی

خضدار (آن لائن) گھوڑا چوک پر مسافر بس کی دو موٹر سائیکلوں کو ٹکر ایک شخص جاں بحق تین زخمی تفصیلات کے مطابق خضدار شہر میں بس کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق تین افراد زخمی۔ جاں بحق شخص کی شناخت غلام (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

خضدار، ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق، میاں بیوی سمیت تین افراد زخمی

تمبو، ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار میں مختلف واقعات میں چار افراد زخمی

خضدار (این این آئی): خضدار شہر کے مصروف ترین مقام گھوڑا چوک کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث ایک مسافر بس نے دو موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا۔ عینی شاہدین کے مطابق مسافر بس نمبر GB-4991 خضدار سے کوئٹہ کی جانب جا رہی تھی کہ گھوڑا چوک پر بے قابو ہو کر سامنے سے آنے والی دو موٹر سائیکلوں سے ٹکرا گئی۔ ٹکر اتنی شدید تھی کہ دونوں موٹر سائیکلیں مکمل طور پر تباہ ہو گئیں۔ اس المناک حادثے کے نتیجے میں ایک موٹر سائیکل پر سوار غلام مصطفیٰ ولد اللہ بخش قوم چھٹہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ اس کا بھائی غلام نبی شدید زخمی ہو گیا۔ دوسری موٹر سائیکل پر سوار میاں بیوی سیف اللہ ولد دنی بخش سکنہ توتک اور مسمات نہال خاتون زوجہ دنی بخش بھی اس حادثے میں شدید زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو فوری طور پر سول ہسپتال خضدار منتقل کر دیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

جنوبی وزیرستان لور کے سلیمانخیل قبائل کے سربراہ سردار ناصر خان سلیمانخیل، احمد شاہ اور عزت خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی 21 ستمبر سے شروع ہونیوالی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں